اردوئے

یو۔جی۔سی۔نیٹ، جے۔آر۔ایف
لکچررشپ ودیگر مقابلہ جاتی امتحانات کے لئے مختصر نوٹس

شبانہ بتول/زائر حسین ثالثی

URDU-E-

شبانہ بتول/زائر حسین ثالثی

Published By:
BOMBAY ART PRESS
Sarai Chowk, P.O. Jalalpur
Ambedkar Nagar 224149 (U.P.) INDIA
email ID- bombayartpress786@gmail.com
Design By: Md. Aqeeluzzafar

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اردوئے معلیٰ

یو۔جی۔سی۔نیٹ،جے۔آر۔ایف

لکچررشپ ودیگر مقابلہ جاتی امتحانات کے لئے مختصر نوٹس

مرتّب

شبانہ بتول(M.A.,B.Ed.NET,JRF)

زائرحسین ثالثی(M.A.,B.Ed.NET)

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

URDUE MOALLA

BY

Zayer Husain Salsi, Shabana Batool

نام کتاب	:	اردوئے معلیٰ
مرتب	:	شبانہ بتول،زائرحسین ثالثی
ناشر	:	بتول اکیڈمی محلّہ جعفرآباد،جلالپور،امبیڈکرنگر،یو.پی.
کمپوزنگ	:	اشفع بتول،حسن عابد،
طباعت	:	بابے آرٹ پریس سرائے چوک جلال پور
تعداد	:	۱۰۰۰
سنہ طباعت	:	۲۰۲۰ء

رابطہ:۔زائرحسین ثالثی فرزندالحاج محمد جعفر صاحب نوحہ خوان جعفرآباد (بڑی مسجد) جلالپور،امبیڈکرنگر۲۲۴۱۴۹،یو.پی.،انڈیا۔

Address:- Zayer Husain Salsi s/o Alhaj Mohammad Jafar Sahab
Mohallah:- Jafrabad (Badi Masjid) Post:- Jalalpur,
District:- Ambedkar Nagar, State:- U.P. Pin Code:- 224149(INDIA)
Mobile:- 8127767258,9795135631
E-mail:- zayerhusainsalsi@gmail.com

فہرست

انتساب	۵
اپنی بات	۶
زبان اور بولیاں	۷
تاریخ زبان اردو(UNIT - 1)	۸
ہندآریائی کی مختصر تاریخ:قدیم ہندآریائی،وسطی	سے
ہند آریائی، پراکرت، جدید ہند آریائی، اپ	
بھرنش،جدید ہندآریائی زبانوں کی گروہ بندی	۱۴
اردو زبان کی مختصر تاریخ پیدائش اور ارتقاء	۱۵
اردو کی ابتدا کے بارے میں مختلف نظریات	۱۸
کھڑی بولی کے اوصاف	۲۱
اردو ساخت کے بنیادی عناصر	۲۱
اردو اور اس کی بولیاں،لسانیات	۲۲
لسانیات سے متعلق اہم تصانیف	۲۴
فن عروض اور بلاغت پر لکھی گئی اہم کتابیں	۲۵
اردو کی شعری اصناف(UNIT - 2)	۲۷تا
قصیدہ،مثنوی،مرثیہ	۳۳
اردو قصیدہ پر تنقیدی کتابیں	۳۴
اردو مثنوی پر تنقیدی کتابیں	۳۴
اردو مرثیہ پر تنقیدی کتابیں	۳۵
اردو غزل(UNIT - 3)	۳۷
اردو غزل پر تنقیدی کتابیں	۴۲
اردو نظم(UNIT - 4)	۴۳
اردو نظم پر تنقیدی کتابیں	۴۹
اردو داستان(UNIT - 5)	۵۰
داستان نگار اور داستانیں	۵۴
اردو داستان پر تنقیدی کتابیں	۵۵
اردو ڈرامہ(UNIT - 5)	۵۶
ڈرامہ نگار اور ان کے ڈرامے	۵۹
اردو ڈرامہ پر تنقیدی کتابیں	۵۹
اردو ناول(UNIT - 6)	۶۰
ناول نگار اور ان کی ناولیں	۶۹
تقسیم ہند سے متعلق اہم ناول	۷۲
اردو ناول پر تنقیدی کتابیں	۷۳
اردو افسانہ(UNIT - 6)	۷۴
افسانہ نگار اور ان کے افسانوی مجموعے	۸۰
سوزوطن،انگارے	۸۲
تقسیم ہند اور فسادات سے متعلق اہم افسانے	۸۳
اردو افسانے پر تنقیدی کتابیں	۸۴
تنقید وتحقیق(UNIT - 7)	۸۶
اردو تنقید، تحقیق پر تنقیدی کتابیں	۹۳
تنقید دبستان اور ناقدین	۹۷
غیر افسانوی نثر(UNIT - 8)	۹۸
سوانح:کتابیں	۱۰۹
خودنوشت سوانح:کتابیں	۱۱۰
خطوط اور خطوط نگار	۱۱۳
اردو کے اہم انشائیے	۱۱۴
اردو کے اہم خاکہ نگار اور ان کے	
خاکے	۱۱۵

اردو کے اہم سفرنامے	۱۱۷
اردو کے اہم تذکرے	۱۱۹
اہم رپورتاژ	۱۲۱
(UNIT - 9)	۱۲۳
اردو کے ادبی دبستان،ادارے اور تحریکات	
و رجحانات:-دبستان دہلی،دبستان لکھنؤ،	
فورٹ ولیم کالج،دلی کالج،دارالترجمہ عثمانیہ	سے
اردو میں ایہام گوئی،اردو میں اصلاح زبان	
کی روایت،اردو ادب میں رومانی تحریک،	
علی گڑھ تحریک،ترقی پسند ادبی تحریک،حلقۂ	۱۳۱
ارباب ذوق،جدیدیت،مابعد جدیدیت	تک
اردو قواعد	۱۳۳
حروف ہجا یا املا	۱۳۵
اعراب؛حرکات،سکنات	۱۳۷
اردو میں علاماتِ اوقاف	۱۳۹
حروف اور ان کی قسمیں	۱۴۰
لفظ اور اس کی قسمیں	۱۴۲
کلمہ اور اس کی قسمیں	۱۴۲تا
اسم،فعل،حرف،	۱۴۴
جنس کے لحاظ سے اسم کی قسمیں	۱۴۵
تعداد کے لحاظ سے اسم کی قسمیں	۱۴۵
فعل،صفت،ضمیر،تمیز،حرف	۱۴۶
اصناف سخن	۱۵۳
نثر؛افسانوی نثر،غیر افسانوی نثر	۱۵۵
تنقید کے دبستان	۱۶۰
نظم؛مبادیات،موضوع کے اعتبار	۱۶۳
سے،ہیئت کے اعتبار سے	۱۶۵
دیگر اصناف،دوسری زبانوں کی اصناف	۱۶۷
بلاغت اور فصاحت کی مختصر تعریف	۱۶۹
علم بیان:-تشبیہ،استعارہ،مجاز مرسل،کنایہ	۱۷۱
صنائع وبدائع:-صنائع لفظی،صنائع معنوی	۱۷۳
عیوب فصاحت	۱۷۷
فن پارے	۱۷۹
اردو کی اہم نثری تصانیف	۱۸۱
دکن کی تصانیف	۱۸۱
شمالی ہند کی تصانیف	۱۸۱
”آزادی کے بعد“ اردو اصناف کی	۱۸۲
کتابیں،لائبریریاں	۱۸۲
اردو ادب میں اوّلیت	۱۸۳
وہ تمام نام جو ایک طرح کے ہیں	۱۸۶
خطاب والقاب،و پورا نام	۱۹۴
ادبی چشمک یا معرکے	۱۹۷
گیان پیٹھ ایوارڈ یافتگان:-	۱۹۸
فراق گورکھپوری،علی سردار جعفری،	تا
قرۃ العین حیدر،شہریار	۲۰۰
اردو کے مایہ ناز ادیبوں اور شاعروں	۲۰۱
کی تاریخ پیدائش:-	تا
جنوری سے دسمبر تک	۲۲۴

انتساب

اپنے شہر کے تمام طلبہ کے نام

ان نوجوانوں کے نام جن کے ہاتھوں میں اردو کے مستقبل کی مشعل اب بھی روشن ہے۔

شہر جلالپور کے ان گمنام اردو ادیبوں شاعروں کے نام جن کو کوئی نہیں جانتا۔

اپنی بات

''اردوئے معلّیٰ'' کے نام سے NET/JRF کے نئے نصاب کے مطابق مختصر نوٹس کی شکل میں دوستوں ،عزیزوں اور اپنے اساتذہ کے مشوروں سے یہ ایک ادنی سی کوشش ہے۔ پھر بھی کچھ کوتاہیاں اور خامیاں بھی ہو جاتی ہیں، کچھ کمیاں بھی رہ جاتی ہیں۔آپ کے مشورے یقیناً اسے دور کر سکتے ہیں۔ مجھے آپ کی حوصلہ افزئی سے زیادہ سچی تنقید کی ضرورت ہمیشہ رہی ہے تاکہ اپنے غرور سے ہمیشہ شکست کھاتا رہوں۔

میں شکر گزار ہوں کہ......میری کچھ ٹوٹی پھوٹی تحریروں کے بعد اگر میرے عزیزم جناب زاہد جعفری،ڈاکٹر عباس رضا نیّر جلالپوری صدر شعبہ اردو لکھنؤ یونیورسٹی، ڈاکٹر عبداللہ امتیاز احمد شعبہ اردو ممبئ یونیورسٹی ،ڈاکٹر نور فاطمہ (اسسٹنٹ پروفیسر مولانا آزاد یونیورسٹی لکھنؤ کیمپس)،ڈاکٹر زیبا محمود (ایسوسی ایٹ پروفیسر گنپت سہائے پی جی کالج سلطانپور) ڈاکٹر عباس مہدی (MBBS.MD.MS.)،براد عزیز راشد ربانی، موسی رضا لکھنو، مظہر حسنین (نیوز ایڈیٹر میرا وطن دہلی) اور ماسٹر شمیم حیدر لکچرر مہیلا پی.جی.کالج جلالپور کا کچھ اور لکھو کا تقاضائے پیہم نہ ہوتا تو شاید یہ کام ممکن نہ ہوتا۔

مجھے فخر ہے کہ......اگر والدین کے علاوہ بھائی بہنوں کی عنائتیں نہ ہوتیں خصوصاً بڑی بہن شبانہ بتول نے اس کا خاکہ نہ بنایا ہوتا تو اس کی تعمیر ادھوری رہ جاتی۔اپنی عزیز بہن راہبہ کا شکریہ نہ ادا کرو تو یہ کوتاہی ہوگی کہ جس نے ہمیشہ میری تحریروں میں میرا ساتھ دیا۔

مجھے یہ بھی فخر ہے کہ......عزیز از جان دوست علی کی پیہم کاوشیں اور بھانجی اشفع بتول کی انگلیوں نے اسے نہ تراشا ہوتا تو یہ گلہائے رنگا رنگ گلدان میں نہ سج پاتے۔

میں اپنے بے پناہ پیار کرنے والے ماموں عباس (وڈیو گرافر) کا نہ شکریہ ادا کر سکتا ہوں نہ ہی ان کے احسان کا بدلہ؛ کہ جن کی دوراندیشی مجھے کسی امور میں رکاوٹ نہیں ہونے دیتی۔ باتوں باتوں میں انھیں الجھاتا رہتا ہوں ،اور وہ اپنے کام کو مکمل کئے بغیر ہی میرے ہر کام کو تکمیل تک پہنچاتے رہتے ہیں۔اور میں صبح وشام ان کی الیکٹرانک اشیاء سے اپنے لفظوں کو کاغذ پر سجاتا رہتا ہوں۔

دعاؤں کا طالب

زائر حسین ثالثی جعفر آباد جلالپور

زبان اور بولیاں

☆ زبان کوئی ایک آدمی دانستہ (عقلمند) کی ایجاد کی ہوئی چیز نہیں ۔ بلکہ مختلف لمحوں سے گزر کر اپنا وجود قائم کر پاتی ہے ۔

☆ زبانیں صرف وسیلۂ اظہار نہیں ہوتیں بلکہ انسان وسماج کے تمام حرکات و سکنات عادات و اطوار اور تہذیبی لین دین کی مکمل عکاس ہوتی ہیں ۔ زبانیں بہتی ہوئی ندیوں کی طرح ہوتی ہیں جو اپنے کناروں کی مٹی کو بھی ساتھ لے کر چلتی ہیں ۔

☆ ہندوستان عہد قدیم سے گونا گوں تہذیبوں ،ثقافتوں ، مذہبوں اور ان سے جڑی زبانوں و بولیوں کا گہوارہ وجولان گاہ رہا ہے ۔

☆ گریرسن کے لنگوسٹک سروے آف انڈیا (۱۹۲۸) کے مطابق یہاں ۳۶۴ (۱۷۹) زبانیں اور ۵۴۴ ربولیاں بولی جاتی ہیں ۔

☆ ۲۰۱۶ رکے تازہ سروے کے مطابق ہندوستان میں ۸۸۰ زبانیں بولی جاتی ہیں اور ۳۳ رزبانوں کو الگ الگ صوبوں میں سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے ۔

☆ مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں اردو بولنے والوں کی تعداد............

سنہ ۱۹۶۱ء میں................۲,۳۳,۲۳,۵۱۸ (۲ کروڑ ۳۳ لاکھ ۲۳ ہزار ۵۱۸)

سنہ ۱۹۷۱ء میں................۲,۸۶,۲۰,۸۹۵

سنہ ۱۹۸۱ء میں................۳,۴۹,۴۱,۴۳۵

سنہ ۱۹۹۱ء میں................۴,۳۴,۰۶,۹۳۲

سنہ ۲۰۰۱ء میں................۵,۱۵,۳۶,۱۱۱

پوری دنیا میں ۵ سے ساتھ ہزار زبانیں بولی جاتی ہیں ۔

لسانی خاندانوں میں سب سے بڑا اور اہم لسانی خاندان ''ہند یورپی خاندان السنہ'' ہے، جس کی ۱۱ رشاخیں ہیں، جس کی ایک شاخ ہند آریائی بھی ہے، اسی خاندان سے اردو زبان نکلی ہے ۔

تاریخ زبان اردو (UNIT - 1)

ہند آریائی کی مختصر تاریخ

وہ آواز جس سے انسان اپنے خیالات واحساسات کو ظاہر کر سکے زبان کہلاتی ہے ۔ہم رشتہ زبانوں کو ایک زمرے میں رکھا جاتا ہے اس لئے ان کو لسانی خاندان کہا جاتا ہے ۔ زبانیں زمان ومکان کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں ۔ان کی صوتی ،صرفی ،اورنحوی خصوصیات کی بنا پر ماہر لسانیات نے انھیں آٹھ (۸) خاندانوں میں تقسیم کیا ہے: (۱) سامی (۲) ہند چینی (۳) دراوڑی (۴) منڈا (۵) افریکہ کی بانتو (۶) امریکی (۷) ملایائی (۸) ہند یورپی ۔

''اردو اور ہندی'' ہند یورپی خاندان سے تعلق رکھتی ہے ۔ ہندوستان میں آکر یہ خاندان اپنے ارتقائی دور میں ''ہند ایرانی'' سے گزر کر ''ہند آریائی'' شکل اختیار کر لیتا ہے ۔ (ہند آریائی زبان ہند یورپی خاندان سے نکلی ہے)

حضرت عیسیٰ کی ولادت سے کوئی ڈیڑھ ہزار برس سے پہلے آریہ ہندوستان میں داخل ہوئے ۔اس وقت یہاں دراوڑ قوم آباد تھی ۔ آریوں کے ہاتھوں اس قوم کو شکست ہوگئی اور دراوڑوں کی بڑی تعداد نے دکن میں پناہ لی ۔شمالی ہندوستان پر آریہ قابض ہو گئے ۔لیکن دراوڑوں کی اچھی خاصی تعداد بھی یہاں باقی رہی ۔ دو قومیں کسی ایک علاقے میں بس جاتی ہیں تو ایک دوسرے کا اثر قبول کرتی ہیں ۔اس کے ساتھ لفظوں کا لین دین بھی ہوتا ہے ۔ آریہ اپنے ساتھ جو زبان لے کر آئے تھے وہ خالص نہ رہ سکی ۔آریہ جیسے جیسے اس ملک میں پھیلتے گئے مقامی بولیوں کے الفاظ ان کی زبان میں شامل ہوتے گئے ۔مقامی باشندوں سے میل جول کے بعد ان کی اپنی زبان کے بہت سے لفظوں کا تلفظ بھی کچھ سے کچھ ہو گیا ۔آریوں کو یہ بات پسند نہ آئی ۔انھوں

نے اپنی زبان کو منظّم کرنے کی کوشش کی اور اپنی زبان میں صرف وہی الفاظ باقی رکھے جو ٹکسالی تھے گویا ہر جگہ بولے جاتے تھے۔اس طرح انھوں نے اپنی زبان کو مقامی بولیوں کے الفاظ سے پاک کرلیا۔یوں مقامی اثرات سے پاک صاف ہوکر ایک معیاری زبان وجود میں آئی جس نے شستہ نام پایا۔اس زبان کو بہت فروغ ہوا اور اس میں اعلیٰ درجے کا ادب پیدا ہوا لیکن عوام سے اس کا ناتہ ٹوٹ گیا اور یہ ایک طبقے (پنڈتوں) تک محدود ہوکر رہ گئی۔

ہندوستان میں ہندآریائی زبانوں کے ارتقا کو تین ادوار میں بانٹا گیا ہے:

(۱)قدیم ہندآریائی ۱۵۰۰قبل مسیح سے۵۰۰قبل مسیح تک

(۲)وسطی ہندآریائی ۵۰۰قبل مسیح سے۱۰۰۰تک

(۳)جدید ہندآریائی ۱۰۰۰ء سے تاحال

قدیم ہند آریا

۱۵۰۰قبل مسیح سے۵۰۰قبل مسیح تک

ڈاکٹر سدیشور ورما نے قدیم ہندآریائی کو پانچ منزلوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔**وید ک منزل**......جس میں رگ، یجر، اتھر اور سام وید لکھے گئے ہیں۔

۲۔**عہد پاننی کی منزل**......اس عہد میں سنسکرت عالموں کی زبان بن جاتی ہے۔

۳۔**رزمیہ منزل**......اسے ادبی منزل بھی کہا جاتا ہے۔اسی عہد میں مہابھارت جیسی شاہکار لکھی گئی۔

۴۔**دینوی منزل**......اس عہد میں سنسکرت سرکاری زبان بن جاتی ہے اور اس کا رشتہ مذہب سے ٹوٹ جاتا ہے۔

۵۔**ٹکسالی منزل**......اس عہد میں سنسکرت اصول وقواعد کی بیجا پابندیوں کی وجہ سے محدود ہوکر رہ جاتی ہے۔

وسطی ہند آ یائی

۵۰۰قبل مسیح سے۱۰۰۰تک

یہ دراصل پراکرتوں کے آغاز وارتقاء کا دور ہے۔عوام کی زبان جو تھوڑے تھوڑے فرق اور الگ الگ رسم خط کے ساتھ مختلف علاقوں میں رائج تھی پراکرت کہلاتی تھی۔پراکرت کو فطری زبان کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔مراد وہ فطری زبانیں جو پابندیوں اور جکڑ بندیوں کے سبب سنسکرت کے پہلو بہ پہلو وجود میں آ گئی تھی۔اس عہد میں سنسکرت کا رشتہ عوام سے ٹوٹ چکا تھا۔اور یہ صرف خواص کی زبان ہوکر رہ گئی تھی اور عوام میں جو زبان بولی اور سمجھی جاتی تھی وہ ''پراکرت'' تھی۔پراکرت برابر ترقی کرتی رہی اور مختلف علاقوں میں اس کے روپ بدلتے گئے۔اس طرح اس نے متعدد پراکرتوں کی شکل اختیار کرلی۔اس عہد کی پراکرتوں کی پانچ نمایاں شکلیں تھیں:

۱۔**مہاراشٹری پراکرت**:۔جنوب کی پراکرت، مراٹھی اسی سے نکلی، ادب کی تخلیق،

۲۔**شورسینی پراکرت**:۔مرکز متھرا، سنسکرت کا گہرا اثر۔

۳۔**ماگدھی پراکرت**:۔اس کا مرکز جنوبی بہار تھا۔آریا اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے۔

۴۔**ارد ماگدھی پراکرت**:۔لفظی معنی آدھی مگدھی، مقام اودھ اور مشرقی اتر پردیش تھا۔

۵۔**پیشاچی پراکرت**:۔یہ کشمیر اور پنجاب کے علاقے کی پراکرت تھی۔

پراکرت

☆......پراکرت کے سب سے قدیم نمونے بدھ اور جینیوں کی مذہبی کتابوں یا پھر اشوک کی لاٹوں پر کندہ کیے ہوئے ملتے ہیں۔

☆......مسعود حسین خان کے مطابق ''پہلی پراکرت صرف اس زبان کو کہیں گیں جس کا ادبی روپ پالی ہے''۔پالی کو قدیم ماگدھی بھی کہا جاتا ہے۔

لفظ پالی سنسکرت کے ''پنکتی'' سے نکلتا ہے(اسی سے اردو کا پانتی، پتی، اور پٹی ہے)

☆......پالی بدھ مذہب کی زبان ہے۔کہا جاتا ہے کہ بدھ مذہب کے تمام پیشوا مہاتما گوتم بدھ پالی بولتے تھے اور انھوں نے اسی زبان میں اپنے مذہب کی تبلیغ کی تھی۔

ان پراکرتوں کے ساتھ بھی اکثر وہی صورت پیش آئی جو آریوں کی قدیم زبان کے ساتھ پیش آئی تھی یعنی پراکرت بھی اکثر ادبی حیثیت اختیار کر لیتی تھی اور عوام سے اس کا رشتہ منقطع ہو جاتا تھا۔ایسی صورت میں وہ پھر عام بول چال کی زبان بولنے لگتے تھے۔اس میں مختلف بولیاں ملی ہوئی ہوتی تھیں۔اہل علم اس طرح کی عوامی زبان کو حقارت کی نظر سے دیکھتے اور اسے اپ بھرنش یعنی بگڑی ہوئی زبان کہنے لگے۔لیکن اس کی مقبولیت میں کمی نہ آئی کیونکہ عوام سے اس کا رشتہ مستحکم تھا۔آخر کار تعلیم یافتہ طبقہ بھی اس کی طرف متوجہ ہوا اور اس کی ترقی کی رفتار تیز ہوگئی۔ہندوستان کی دوسری بولیاں بھی اس سے متاثر ہونے لگیں۔

گجرات، راجپوتانہ اور دوآبہ کی بولیوں پر اس کا خاص طور اثر ہوا۔

جدید ہند آریا

اس دور کا آغاز اپ بھرنش سے ہوتا ہے۔جو فطری زبان پراکرت کے پہلو بہ پہلو اپنے وجود کا احساس کرا رہی تھی۔سنسکرت کے تمام علاقے جہاں پراکرت کا بول بالا تھا وہاں پراکرت کی جگہ اپ بھرنشوں نے لے لی۔

اپ بھرنش

☆......مسعود خان کے مطابق ''جب پراکرتوں نے ادبی شکل اختیار کرنا شروع کی تو وہ عوام کی ڈگر سے پرے جا پڑی اور عوام کی زبان کا دھارا آگے بڑھتا رہا۔اسی بول چال کی زبان کو اس عہد کے قواعد نویسوں نے 'اَپ بھرنش' کہا ہے۔

☆......اَپ بھرنش کے معنی بگڑی ہوئی آواز کے ہیں۔

مارکنڈے نے اَپ بھرنش کی تین قسمیں بتائی ہیں؛

۱۔ناگر اَپ بھرنش

۲۔براچڈ اَپ بھرنش

۳۔اُپ ناگر اَپ بھرنش

ہندوستان کی جدید زبانوں کی پیدائش پراکرتوں سے نہیں بلکہ اپ بھرنشوں سے ہوتی ہے۔جسے پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا؛

شور سینی اپ بھرنش:۔ یہ متھرا کے علاقے میں بولی جاتی تھی۔اس سے کھڑی بولی نکلی جو موجودہ ہندی اور اردو کا سرچشمہ ہے۔اس اپ بھرنش سے راجستھانی، مشرقی، پنجابی، گجراتی، اور پہاڑی بولیاں بھی نکلیں۔

اَپ بھرنشوں میں شورسینی اَپ بھرنش ممتاز حیثیت رکھتی ہے؛اس میں چار بولیاں شامل ہیں؛

(۱) کھڑی بولی یا ہندوستانی (موجودہ اردو ہندی)۔

(۲)راجستھانی (۳)پنجابی(مشرقی) (۴) گجراتی اور پہاڑی بولیاں

ماگدھی اپ بھرنش:۔ آسامی، بنگالی، اڑیہ اور بہار کی تمام بولیاں اسی سے نکلی ہیں۔

اردھ ماگدھی اپ بھرنش:۔ اس میں پورب کی تمام بولیاں یعنی اودھی، چھتیس گڑھی، بھوج پوری وغیرہ شامل ہیں۔

مہاراشٹری اپ بھرنش:۔ سنسکرت میں جس کو صوبہ مہاراشٹر کہا گیا ہے، وہ برار کا علاقہ تھا، وہی اس کا خاص مرکز ہے۔

پراچڈا اور کیکئی اپ بھرنش:۔ پراچڈا سے سندھی نکلی ہے اور کیکئی سے لہندا۔

دوآبہ شورشینی پراکرت کا علاقہ تھا۔جلد ہی اس نے شورشینی اپ بھرنش کا روپ اختیار کر لیا اور دو برس کے اندر پورے شمالی ہندوستان پر چھا گئی۔چنانچہ دسویں صدی عیسوی میں جب مسلمان بڑی تعداد میں شمالی ہندوستان پہنچے تو یہاں اس زبان

کا دور دورہ تھا۔اس زبان کو کھڑی بولی کہا جاتا ہے۔اسے ہندوستانی کا نام بھی دیا جاسکتا ہے۔مسلمان اپنے ساتھ فارسی،عربی الفاظ لائے جو اس میں یعنی کھڑی بولی یا ہندوستانی میں داخل ہونے لگے جس کے نتیجے میں اردو زبان وجود میں آئی۔

مسلمانوں کے قافلے یکے بعد دیگرے افغانستان کے راستے پنجاب اور پنجاب سے دہلی پہنچتے تھے اور مقامی باشندوں سے ان کے میل جول سے اس نئی زبان کی عمارت اٹھتی چلی جاتی تھی۔اس نئی زبان کو پہلے ہندی، ہندوی، ریختہ، وغیرہ کے ناموں سے یاد کیا گیا پھر اسی نے ''اردو'' نام پایا۔

جدید زبانوں کا تعلق اپ بھرنشوں اور پراکرتوں کے وسیلے سے سنسکرت تک جاملتا ہے۔اس طرح جدید ہند آریائی زبانیں اپنی اصل میں ایک ہی سرچشمے کی پروردہ ہیں۔اردو، ہندی، گجراتی، پنجابی، اودھی، راجستھانی، بنگالی، آسامی، اڑیا، مراٹھی اور سندھی جدید ہند آریائی زبانیں کہلاتی ہیں۔

جدید ہند آریائی زبانوں کی گروہ بندی

جارج گریرسن نے جدید ہند آریائی زبانوں کو ان کی خصوصیات کی بنیاد پر بیرونی اور اندرونی دو گروہوں میں تقسیم کیا ہے۔

(۱) بیرونی حلقہ/گروہ کی زبانیں

(۱) شمالی مغربی شاخ ...... لہندا، مغربی، مغربی پنجابی، سندھی
(۲) جنوبی شاخ ...... مراٹھی
(۳) مشرقی شاخ ...... آسامی، بنگالی، اڑیا، بہاری بولیاں

(۲) وسطی حلقہ کی زبانیں

(۱) مشرقی ہندی ...... اودھی، بگھیلی، چھتیس گڑھی

(۳) اندرونی حلقہ/گروہ زبانیں

(۱) مغربی ہندی ...... کھڑی بولی (اردو، ہندی)، ہریانوی، برج بھاشا، بندیلی، قنوجی
(۲) پنجابی ...... مشرقی
(۳) گجراتی ......
(۴) راجستھانی ...... مارواڑی/میواڑی، مالوی، جے پوری، میواتی
(۵) بھیلی
(۶) خاندیشی

(۴) پہاڑی زبانیں

(۱) مشرقی پہاڑی..........نیپالی/گورکھالی
(۲) درمیانی پہاڑی..........کمایونی، گڑھوالی
(۳) مغربی پہاڑی..........شملہ اور اس کے آس پاس کے پہاڑی علاقوں کی بولیاں

مغربی ہندی

☆ مغربی ہندی کی پانچ بولیاں کھڑی بولی (اردو، ہندی)، ہریانوی، برج بھاشا، بندیلی، قنوجی ہیں

مغربی ہندی کی پانچ بولیوں کے گروہ

(۱)۔(اُو) کو ترجیح دینے والی تین بولیاں: (۱) برج بھاشا (۲) بندیلی (۳) قنوجی
(۲)۔(اَ) کو ترجیح دینے والی دو بولیاں: (۱) ہریانی (۲) کھڑی بولی

اردو زبان کی مختصر تاریخ پیدائش اورارتقاء

☆ ریختہ:۔ یہ موسیقی کی ایک اصطلاح تھی جس میں راگ راگنیاں ملائی جاتی تھیں یہ لفظ زیادہ تر نظم کے لئے کام میں لایا جاتا تھا۔

☆ ریختہ کے معنی ہیں گری پڑی چیز، فارسی شعراء اس نظم کو بھی ریختہ کہتے تھے جو مختلف زبانوں سے مرکب ہو۔

☆ قدیم شعرائے اردو کے کلام میں فارسی و ہندی ملی جلی ہوتی تھیں اس لئے انھیں ریختہ کہنے لگے۔

☆ لفظ ''اردو'' قومی اور لسانی اتحاد کا مظہر ہے۔ پنڈت دتا تریا کیفی نے لکھا ہے۔اردو دولفظوں سے مرکب ہے، سنسکرت میں ''اُر'' کے معنی دل ہیں اور فارسی میں ''دُو'' کے معنی دو تحریر کئے گئے ہیں۔ اس اعتبار سے اردو دو دلوں کے اتحاد اور قومی و لسانی ملاپ کی نشاندہی کرتی ہے۔

☆ شمس الرحمٰن فاروقی کی کتاب ''اردو کا ابتدائی زمانہ''؛ ترکی میں اردو کے معنی لشکر کے نہیں ہیں بلکہ وہاں یہ لفظ ''جم غفیر'' کے لئے مستعمل ہے۔اسی جم غفیر کو انگیریزی میں Horde کہا جاتا ہے۔یعنی بے انتظام قسم کا انبوہ۔

☆ اصل میں تو یہ پورا فقرہ ''زبان اردوئے معلیٰ شاہ جہان آباد'' تھا۔مختصر ہوتے ہوتے ''اردو'' رہ گیا۔

☆ فارسی میں ''زبان اردو'' کہا جاتا ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں کہ ''وہ زبان جس کا نام اردو ہے''۔دوسرے معنی یہ ہیں کہ اردو کی زبان۔یعنی ''شاہ جہان آباد'' کی زبان۔

☆ امیر حسرو نے ہندی، ہندوی کے علاوہ زبان دہلی بھی لکھا ہے۔

☆ بھوگ مل کا مصنف پیار محمد قریشی پہلا شخص ہے جس نے اپنی زبان کو دکھنی کہا ہے۔

☆ ۱۶۲۵ء میں ملا وجہی نے ''سب رس'' میں زبان ہندوستان کا استعمال کیا اور زبان ہندوستان کہہ کے اردو کے اولین خدوخال کی طرف اشارہ کیا۔

(اردو دنیا اکتوبر ۲۰۱۷، صفحہ ۴۵)

☆ میرامن نے ۱۸۰۲ میں ''باغ و بہار'' میں لکھا کہ میں نے یہ کہانی اردو زبان میں لکھی۔

☆ گلکرسٹ ۱۷۸۵ میں اس لفظ کو زبان کے معنی میں استعمال کر چکے تھے۔

☆ ۱۹ر صدی سے کچھ پہلے اردو کا تلفظ زبان کے معنی میں ہونے لگا۔

☆ اردو کو سب سے پہلے عادل شاہی بادشاہوں نے سرکاری زبان کا درجہ عطا کیا۔

☆ مغلوں کے زمانے میں فوجی چھاؤنیوں کی بول چال کے لئے ''زبان اردو'' یا ''زبان اردوئے معلیٰ'' کا استعمال ہوا ہے۔

☆ محمد بن تغلق نے (۱۳۲۷) میں دولت آباد کو اپنا پایۂ تخت بنایا تو اس کا نام ''شاہجہاں آباد'' اور وہاں کے بازار کو ''اردوئے معلیٰ'' کا خطاب دیا۔

☆ دکن کی سرکاری زبان کے علاوہ اردو انگریزوں کے زمانے میں بھی سرکاری زبان رہی۔

☆ آج اردو جموکشمیر کی سرکاری زبان ہے اور یو. پی.، بہار، آندھرا پردیش اور مغربی بنگال کے بعض علاقوں میں اردو دوسری سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کی جاتی ہے۔

☆ اردو کے مختلف نام : زبان ہند، ہندی، ہندوی، ریختہ، ہندوستان، ہندوستانی، دکنی دکھنی۔

☆ اردو کو اس کے ابتدائی مراحل میں مختلف نام سے موسوم کیا گیا۔کبھی اسے ہندی یا ہندوی کہا گیا، دکن میں یہ دکنی کہلائی، اس کے علاوہ گجری، ریختہ، اردوئے معلیٰ، ہندوستانی اور آخر میں ''اردو'' کے نام سے موسوم کی گئی۔

☆ اردو کی ابتداء ۱۱۹۳ میں ہوئی۔ ہندو مسلم قوموں کے میل جول سے جو زبان

وجود میں آئی وہ اردو کہلائی۔

☆ چودھویں صدی تک یہ صرف بول چال کی زبان تھی۔اس میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا۔

شمال میں ۱۸۳۵ء تک اردو نے سرکاری زبان کی حیثیت حاصل کرلی اور شمالی ہند کی سب سے وسیع اور اہم زبان بن گئی۔

☆ ۱۹۸۹ء میں اتر پردیش راج بھاشا قانون میں ترمیم کر کے اردو کو دوسری سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔اس وقت کانگریس کی حکومت تھی۔مگر مارچ ۱۹۹۰ میں ملائم سنگھ یادو کی قیادت میں سماج وادی برسراقتدار آ گئی لیکن ہندی پریمیوں کو سرکار کا یہ فیصلہ پسند نہیں آیا اور اتر پردیش ہندی ساہتیہ سمّیلن نے الہ آباد ہوئی کورٹ میں سرکار کے اس فیصلہ کے خلاف رٹ داخل کر دیا جسے کورٹ نے خارج کر دیا۔اس طرح اردو کو دوسری سرکاری زبان کا درجہ برقرار رہا۔لیکن الہ آباد ہائی کورٹ کے اس فیصلہ کو اتر پردیش ہندی ساہتیہ سمّیلن نے ۱۹۹۷ میں سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔یہ کیس تقریباً ۲۵؍برسوں تک سپریم کورٹ میں زیر التوا رہا۔آخر ۴؍ستمبر ۲۰۱۴ میں سپریم کورٹ نے اپنے تاریخ ساز فیصلے میں اس رٹ کو خارج کر دیا اور یوپی میں اردو کو دوسری سرکاری زبان کا درجہ برقرار رکھا۔

☆ آئین کے آٹھویں ضمیمہ (8th Scedule) میں جو آئین کی تسلیم شدہ زبانوں کی فہرست ہے اس میں ۲۲؍واں نام حروف تہجی کے اعتبار سے اردو کا ہے۔

☆ دستور ہند میں کل ۳۹۵ دفعات (Articles)، ۲۲؍ابواب (Chapters)، ۱۲؍ضمیمے (Schedules) اور دو تتمے (Appendix)، ہیں اور یہ دستور اب تک ۹۷ مرتبہ ترمیم ہو چکا ہے۔

اردو کی ابتدا کے بارے میں مختلف نظریات

کسی بھی زبان کے عروج وارتقاء کی داستان اس قوم کی تہذیب ومعاشرت سے وابستہ ہوا کرتی ہے۔اس کی نمودگی یکبارگی کسی خاص لمحہ یا وقت میں نہیں ہوتی۔ بقول جمیل جالبی: ''مختلف تہذیبی عوامل، رنگارنگ قدرتی عناصر، مسلسل میل جول اور رسوم ومعاشرت گھل مل کر رفتہ رفتہ صدیوں میں کسی زبان کے خدوخال اجاگر کرتے ہیں...............(تاریخ ادب اردو، جلد ا، صفحہ ۱۱)

اردو زبان کے آغاز کے سلسلے میں مختلف نظریے پیش کئے گئے ہیں:۔

میر امن؛ باغ وبہار کے دیباچے میں اپنی رائے ظاہر کرتے ہیں کہ:

''اردو اکبر کے عہد میں پیدا ہوئی اور شاہجہاں کے زمانے میں اس نے فروغ پایا''

محمد حسین آزاد؛ آب حیات میں یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ:

''اردو زبان برج بھاشا سے نکلی اور شاہجہاں کے عہد میں تکمیل کو پہنچی''۔

''اتنی بات تو ہر شخص جانتا ہے کہ اردو برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خالص ہندوستانی زبان ہے''

''اردو زبان کھڑی بولی سے نکلی جس کا تعلق شورسینی پراکرت سے بلا واسطہ تھا''۔

محمود شیرانی:۔ ''اردو کی داغ بیل پنجاب کے علاقے میں پڑی''۔

شوکت سبزواری:۔ ''دوآبہ گنگ وجمن کو اردو کا مسکن قرار دیتے ہیں''۔اور یہ کہ اردو پالی سے نکلی ہے۔

سید سلیمان ندوی:۔ ''اردو زبان کے آغاز کا سہرا سندھ کے سر باندھتے ہیں کیونکہ مسلمان پہلے پہل بڑی تعداد میں اسی خطّے میں آ کر آباد ہوئے تھے''۔

محی الدین قادری زور، شیرانی کے ہم خیال ہونے کے باوجود؛ ''اردو پر ہریانی

کے اثرات کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں''۔

مسعود حسین خاں:۔ ''سرزمین دہلی اوراس کے گردونواح کواردو کی جائے پیدائش بتاتے ہیں''۔(قدیم اردو کا پنجابی پن اس کا ہریانی پن ہے)

سر سید:۔ ''اردو دہلی کی زبان ہے''۔

اختر اورینوی:۔ ''اردو مگدھی سے نکلی ہے''۔

سہیل بخاری:۔ ''اردو کا جنم بھومی اڑیسہ ہے''۔

نصیر الدین ہاشمی:۔ ''اردو دکن میں پیدا ہوئی''۔

انشاء اللہ خاں انشاء:۔ ''اردو عربی، فارسی، ترکی اور برج بھاشا پر مشتمل ہے''۔

امام بخش صہبائی:۔ ''شاہ جہاں آباد میں فارسی اور ہندی کے خلاملا سے جو بولی مروج ہوئی اس کا نام اردو ہے''۔

مولوی عبد الحق:۔ ''اہل ملک اورصوفیائے کرام کے میل اورارتباط سے اردو پیدا ہوئی''۔

ڈاکٹرسنیتی کمار چٹرجی، ڈاکٹر مسعود حسین خان، ڈاکٹر شوکت سبزواری:''اردو کا ماخذ کھڑی بولی بتاتے ہیں''۔

ڈاکٹر گیان چند جین نے لکھا کہ:''اردو کی اصل کھڑی بولی ہے، کھڑی بولی دہلی اورمغربی یوپی کی بولی ہے۔ کسی کی مجال نہیں کہ یہ کہہ سکے کہ یہ پنجاب کی زبان پنجابی سے نکلی ہے اگر کھڑی بولی پنجابی سے نہیں نکلی تو اردو بھی پنجابی سے نہیں نکلی ہے''۔

ڈاکٹر نصیر الدین ہاشمی اپنی کتاب دکن میں اردو کی ابتدا چار مقامات سے منسوب رکھتے ہیں؛(۱) پنجاب (۲) سندھ (۳) دکنی (۴) دوآب گنگا جمنی۔

سید اعجاز حسین نے خیال ظاہر کیا:''اردو نہ برج بھاشا سے بنی، نہ پنجابی سے بلکہ مخلوط زبانوں سے متاثر ہوکر کھڑی بولی پر اس نے اپنی بنیاد قائم کی''۔

سینتی کمار چٹرجی:۔ ''اگر مسلمان شمالی ہند میں داخل نہ ہوتے تب بھی اردو

زبان پیدا ہوتی فرق اتنا ہوتا کہ اس کے آغاز میں تھوڑا سا تاخیر ہوتی''۔

نصیر الدین ہاشمی نے کہا کہ:

''گلستان ہند کے شمالی چمن میں مغربی دروازوں سے باغبانوں نے آکر اردو کا بیج بویا، گنگا اور جمنا نے آبیاری کر کے چھوٹے پودے کو اگایا اسی کے قریب قریب گلزار دکن میں بھی انھیں ہاتھوں نے اس بیج کو زمین میں ڈال کر کرشنا و گوداوری وموسیٰ درخت کے اگانے میں معاون ہوئیں۔ ہنوز شمالی چمن کا درخت بارآور نہ ہوا تھا کہ دکھنی پوداز مین کی عمدگی اور بروقت آبیاری سے بہت جلد تر و تازہ اور سرسبز وشاداب ہوگیا''۔

اسی طرح مختلف مقامات پر عوام کے دلوں میں گھر کرتی ہوئی اور مختلف ناموں سے پکارے جانے کے بعد اس نام میں ایک ٹھہراؤ آیا اور یہ زبان اردو کے نام سے اپنی پہچان قائم کرنے میں کامیاب ہوئی۔

نہیں کھیل اے داغؔ یاروں سے کہہ دے
کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغؔ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

کھڑی بولی کے اوصاف

کھڑی بولی میں مشدّد الفاظ کا استعمال کثرت سے ملتا ہے۔

ساکن کو متحرک کردینے کا رجحان ہے۔

اس کے افعال اسما، صفات، ضمائر (الف) پر ختم ہوتے ہیں۔ جیسے بیٹا، کالا، کھایا، پیا۔

اردو ساخت کے بنیادی عناصر

اردو ایک جدید ہند آریائی زبان، تشکیل میں کھڑی بولی نے اہم رول ادا کیا، برج پنجابی، گجری، ہریانی، دکنی بولیوں کے اثرات ملتے ہیں۔ ضبط تحریر میں لانے کے لئے عربی فارسی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

لسانیات کی رو سے ’حرف‘ سب سے چھوٹی تحریری اکائی ہوتی ہے جس کے مزید ٹکڑے نہیں کئے جاسکتے۔

عہد حاضر میں حروف تہجی کی کل تعداد ۳۶ رمتعین کی گئی ہے۔ لیکن انشا اللہ خاں نے ۸۵، برج موہن دتا تریا کیفی نے ۴۷، اور مولوی عبدالحق نے ۵۰ بتائی ہے۔ کیونکہ انھوں نے ہکاری آوازوں کو بھی شامل کیا ہے۔ بعض لوگوں کے نزدیک ۳۷ حروف ہیں کیونکہ انھوں نے ہمزہ کو بھی حرف مانا ہے۔

اردو کے حروف تہجی میں عربی کے ۲۸ حروف (عربی حروف تہجی کی کل تعداد ۲۸ ہے)، فارسی کے ۴، اور چار وہ نئے حروف جو اردو میں وضع کئے گئے (ٹ، ڈ، ڑ، ے) یعنی کل ۳۶ حروف شامل ہیں۔

اردو کا رسم الخط عربی فارسی ہے۔ اردو کا طرز تحریر اور انداز کتابت ”نستعلیق“ کہلاتا ہے۔ خطِ نستعلیق کا ارتقا ایران میں ہوا۔ ایران کے خواجہ میر علی تبریزی نے عربی

کے دور سوم خط ’نسخ‘ اور ’تعلیق‘ کو ملا کر ایک نیا رسم خط ایجاد کیا جو نستعلیق کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اردو کے لئے یہی رسم خط مروج ہے۔ جو اردو کا اپنا رسم خط بن گیا۔

اردو اور اس کی بولیاں

اردو کی بولیوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؛

۱۔لسانی بولیاں ۲۔سماجی بولیاں ۳۔علاقی بولیاں

اردو کی چند اہم لسانی، سماجی، علاقائی بولیوں کے نام

۱۔کرخنداری اردو ۲۔مراٹھی اردو ۳۔دکنی اردو ۴۔پنجابی اردو

۵۔کلکتیا اردو ۶۔کشمیری اردو

لسانیات

زبان کے سائنسی طریقے سے مطالعے کو لسانیات کہتے ہیں۔ لسانیات میں زبانی بولی جانے والی زبان کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ لکھی ہوئی زبان کا نہیں۔ اس کی چار شاخیں ہیں:۔ صوتیات (فونیمیات)، صرفیات (مارفیمیات)، نحویات، معنیات۔ بعض ادیب فونیمیات کو الگ شاخ مانتے ہیں۔

صوتیات:۔ (Phonetics) لغوی اعتبار سے آواز کے مطالعوں کو کہتے ہیں۔ اصطلاحاً آوازوں کے سائنسی مطالعے کا نام صوتیات ہے۔ اس کی تین شاخیں ہیں؛

تلفظی صوتیات (Articulatry Phonetics)

سمعیاتی صوتیات (Acoustic Phonetics)

سماعی صوتیات (Auditory Phonetics)

صوتیات میں انسانی آوازوں کو دو شاخوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

مصوتے (Vowels):۔وہ آوازیں جن کو ادا کرتے وقت منہ میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی ان کو مصوتے کہتے ہیں۔اردو میں کل دس مصوتے ہیں۔(اَ،اِ،اُ،آ،اے،ای، او،اؤ،اَے،اَو)

مصمتے (Consonants):۔وہ آوازیں جن کی ادائیگی میں ہوا کو روکا جاتا ہے ان کو مصمتے کہتے ہیں۔

فونیات:۔ (Phonology)اس میں کسی زبان کی امتیازی آوازوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

مارفیمیات،صرفیات:۔ (Morphology) ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ الفاظ کیسے بنائیں جائیں جیسے؛لڑکا سے لڑکے،لڑکوں وغیرہ۔اوراس بات کا مطالعہ کیا جاتا ہے کہ زبان میں الفاظ کی تشکیل کس طرح ہوتی ہے اورالفاظ آپس میں ایک دوسرے سے کس طرح رشتہ رکھتے ہیں۔

نحویات:۔ اس میں کسی زبان کے جملوں کی ساخت اور جملوں میں لفظوں کی ترتیب کے قاعدوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔اس سے ہم یہ بھی سیکھتے ہیں کہ الفاظ کو کیسے استعمال کریں؛لڑکے نے کہا،لڑکی نے کھایا۔

معنیات:۔ اسے لسانیات کا اہم نواحی شعبہ شمار کیا جاتا ہے۔معنیات لفظ اوراس کے معنی کی مختلف جہات کا مطالعہ پیش کرتی ہے۔اورکسی زبان کے معنی سمجھنے کے طریقوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔معنی کا مطلب ہوتا ہے قصد کیا ہوا،مراد مطلب اور منشا۔

☆......لغت کے اعتبار سے لفظ کے معنی کو لغوی معنی کہتے ہیں۔

لسانیات سے متعلق اہم تصانیف

مقدمہ تاریخ زبان اردو	مسعود حسین خان
پنجاب میں اردو	محمود شیرانی
ہندوستانی لسانیات	محی الدین قادری زور
اردو کی لسانیات،اردو زبان کا ارتقاء	شوکت سبزواری
داستان زبان اردو	شوکت سبزواری
دکن میں اردو	نصیر الدین ہاشمی
زبان اور قواعد،اردو کیسے لکھیں،اردو املا	رشید حسن خان
اردو لسانیات	علی رفات فتیحی
نقوش سلیمانی	سید سلیمان ندوی
عام لسانیات،لسانی مطالعے	گیان چند جین
اردو زبان کی تاریخ،لسانی تناظر	مرزا خلیل احمد بیگ
اردو کی لسانی تشکیل	مرزا خلیل احمد بیگ
لسانیات کیا ہے	ڈیوڈ کرسٹل
اردو کی کہانی	احتشام حسین
ہندوستانی لسانیات کا خاکہ	جان بیمز (مترجم؛سید احتشام حسین)
اردو زبان اور لسانیات	گوپی چند نارنگ
اردو کی تعلیم کے لسانی پہلو	گوپی چند نارنگ
اردو کا ابتدائی زمانہ	شمس الرحمٰن فاروقی
اردو کی لسانی تاریخ	خورشید حمرا صدیقی

فن عروض اور بلاغت پر لکھی گئی اہم کتابیں

آئینہ سخن فہمی	مسعود حسن رضوی ادیب
آہنگ اور عروض	کمال احمد صدیقی
تسہیل البلاغت	مرزا سجاد بیگ دہلوی
جواہر العروض	احمد شاہ بیگ
شعر و شاعری	مولوی سید مہدی الزماں جائسی
علم البلاغت اور علم عروض	پروفیسر نظیر صدیقی
فن شاعری	علامہ اخلاق حسین دہلوی
فن عروض	خواجہ عشرت رحمانی
مظہر عروض	مظہر علی چشتی
حدائق البلاغت	شمس الدین، ترجمہ: امام بخش صہبائی
زرکلام، ترجمہ؛ معیار اشعار	محقق چنگیزی، مترجم: مظہر علی اسیر
چراغ سخن	مرزا یگانہ چنگیزی
اصلاح	شوق نیموی
بحر الفصاحت	نجم الغنی
آئینہ بلاغت	مرزا محمد عسکری
معیار بلاغت	پرساد سحر بدایونی
مراۃ الشعر	مولوی عبدالرحمٰن
نکات سخن	حسرت موہانی

نسیم البلاغت	جلال الدین احمد جعفری
اردو کا اپنا عروض	گیان چند جین
مقیاس الاشعار	مرزا اوج لکھنوی
آہنگ شعر	ابوظفر عبدالواحد
ایضاح	شوق نیموی
عروض اور فنی مسائل	عنوان چشتی
علم عروض و قافیہ تاریخ گوئی	سید حسن کاظم، عروض الہ آبادی
کلید العروض، مسلمات فن	زار علامی
عروض آہنگ اور بیان	شمس الرحمٰن فاروقی
رمز العروض	حمید عظیم آبادی
دریائے لطافت	انشاء اللہ خاں انشاء، عروضی حصہ مرزا قتیل
نئی اردو قواعد	عصمت جاوید
عروض الہندی	محمد عادل عظیم آبادی
قواعد العروض	قدر بلگرامی
دور شاعری	مرزا اوج لکھنوی
ہماری شاعری	مسعود حسن رضوی ادیب
سریلے بول	عظمت اللہ خاں
تفہیم العروض	نادم بلخی
عروض میں نئے اوزان کا وجود	شارق جمال ناگپوری

مختصر تذکرہ

اردو کی شعری اصناف (UNIT - 2)

قصیدہ

مرزا محمد رفیع سوداؔ......

معروف نام: سودا اصل نام: مرزا محمد رفیع

والد: محمد شفیع استاد: شاہ حاتم

ولادت: ۱۷۱۲ء، دہلی وفات: ۲۷/جون، ۱۷۸۱ء، لکھنؤ

اہم تصانیف: -کلیات اردو، کل ۴۳/قصیدے، ۳۹/مدحیہ، چار ہجویہ ہیں۔

ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی: -(قصیدہ در نعت حضرت رسولؐ) ۴۸/ اشعار، پر مشتمل ہے۔

ہے چرخ جب سے ابلق ایام پر سوار: -قصیدہ در ہجو اسپ المسمیٰ بہ تضحیک روزگار،

شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ......

معروف نام: ذوق دہلوی اصل نام: شیخ محمد ابراہیم

والد: شیخ محمد رمضان استاد: شاہ نصیر

ولادت: ۲۲/اگست ۱۷۸۹ء، دہلی وفات: ۱۶/نومبر ۱۸۵۴ء، دہلی

اہم تصانیف: -ایک دیوان، قصائد ذوق؛ مرتبہ ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان کے مطابق ذوقؔ کے کل قصائد کی تعداد ۳۰/ رہے۔

زہے نشاط اگر کیجئے اسے تحریر: -در مدح بہادر شاہ ظفر، ۱۰۰/اشعار پر مشتمل۔

ہیں مری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر: -۲۷/اشعار پر مشتمل۔

مثنوی

نظامی بیدری......

معروف نام: فخر الدین نظامی تخلص: نظامی

والد: استاد:

ولادت: وفات:

اہم تصانیف: -مثنوی؛ "**کدم راؤ پدم راؤ**": -اردو کی پہلی طبع زاد مثنوی، احمد شاہ بہمنی کے دور میں لکھی گئی۔ زمانہ تصنیف؛ ۱۴۲۱ء سے ۱۴۳۵ء کا درمیانی حصہ نصیر الدین ہاشمی نے سب سے پہلے اس کا تعارف کرایا اور اس کا نام بھی تجویز کیا۔ اشعار کی تعداد ۱۰۳۲/ رہے اور ۱۰۳۳/ رواں شعر نامکمل ہے۔ مثنوی بحر متقارب مثمن مخزوف الآخر (فعول فعولن فعول فعل یا فعول) کے وزن میں لکھی گئی۔ جمیل جالبی نے ترتیب دے کر طویل مقدمے کے ساتھ ۱۹۷۳ء میں انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی سے شائع کیا۔

کردار: -کدم راؤ، پدم راؤ، جوگی اکھر ناتھ۔

ملا وجہی......

معروف نام: ملا وجہی اصل نام: اسد اللہ

تخلص: وجہی، وجیہی، اور وجیہہ۔

والد: استاد:

ولادت: ۱۵۶۶ء، گولکنڈہ، ابراہیم قطب شاہ کے دور میں۔

وفات: ۱۶۵۹ء حیدر آباد، جمیل جالبی کے مطابق

قلی قطب شاہ کا درباری شاعر، اس نے ملک الشعرا کا خطاب دیا۔ وجہی نے چار بادشاہوں کا زمانہ دیکھا۔ ابرہیم قطب شاہ، محمد قلی قطب شاہ، محمد قطب شاہ، عبد اللہ قطب شاہ۔

اہم تصانیف:-مثنوی ''**قطب مشتری**'':- گولکنڈہ کی پہلی طبع زاد مثنوی، قلی قطب شاہ کی فرمائش پر ۱۶۰۹ء میں صرف ۱۲/دن میں لکھی۔ ۱۲/افراد ہیں۔ ۱۷۱/اشعار ہیں۔ ۹۵۱/عنوان، ۷/غزلیں اور ۸/رباعی ہیں۔ ۱۹۳۸ء میں مولوی عبدالحق نے شائع کیا۔

کردار:-محمد قلی قطب شاہ، مشتری، زہرہ، مریخ خاں، عطارد، اسد خاں، شاہ سرطان، مہتاب پری، سلکھن پری، مہرواں،

ابن نشاطی......

معروف نام: ابن نشاطی　　　　اصل نام: شیخ محمد مظہر الدین

والد: شیخ فخر الدین　　　　استاد:

ولادت: ۱۰۴۰، ۱۰۴۵ ہجری کے درمیان

وفات:

گولکنڈہ کا باشندہ سلطان عبداللہ قطب شاہ کا درباری شاعر،

اہم تصانیف:-مثنوی ''**پھول بن**'':- عشقیہ مثنوی، اشعار کی تعداد ۱۷۴۴، عبداللہ قطب شاہ کی مدح میں ۳۸/اشعار ہیں۔ ۳۹/صنعتیں استعمال کی گئی ہیں۔

سن تصنیف ۱۰۶۶ھ، ۱۶۵۵ء ہے۔ (عبدالقادر سروری کے مطابق ۱۰۷۶ھ ہے)

یہ احمد حسن دبیر عیدروسی کے فارسی قصے ''بساتین الانس'' سے ماخوذ ہے۔

سید احمد خاں ہنر نے ''پھول بن'' کے جواب میں ''نیہ درپن'' لکھی۔

کردار:-کنچن پٹن کا بادشاہ، درویش، کشمیر کا بادشاہ، بلبل (ختن کے سوداگر کا بیٹا)، گل (گجرات کے عابد زاہد کی بیٹی)، جوگی، سمن بر، ہمایوں فال، ملک آرا، دیدبانو۔

افضل جھنجھانوی......

معروف نام: افضل جھنجھانوی　　　　اصل نام: محمد افضل (دوسرا نام: گوپال)

والد:　　　　استاد:

ولادت:　　　　وفات:

اہم تصانیف:-مثنوی ''**بکٹ کہانی**'':- شمالی ہند کی پہلی مستند مثنوی، اسے بارہ ماسہ بھی کہتے ہیں۔ سال تصنیف صحیح معلوم نہیں لیکن افضل نے ۲۶، ۱۶۲۵ء جو اس کا سال وفات ہے اس سے قبل مکمل کرلیا تھا۔ سترہویں صدی کی تصنیف۔

۳۲۱، یا ۳۲۵/اشعار ہیں۔ فارسی کی گہرے چھینٹوں کے علاوہ ۱۴۱/اشعار مکمل فارسی کے ہیں۔ ۱۳/عنوان ہیں۔ مثنوی بحر ہزج مسدس مقصور الآخر (مفاعیلن مفاعیلن فعولن) کے وزن میں لکھی گئی۔

اس کا نام میر حسن نے رکھا۔ سب سے پہلے رسالہ قدیم اردو میں شائع ہوئی۔ اسے نور الحسن ہاشمی اور مسعود خان نے مل کر مرتب کیا۔

میر حسن......

معروف نام: میر حسن　　　　اصل نام: میر غلام حسن

والد: میر ضاحک　　　　استاد: میر درد

ولادت: ۱۷۳۷، سیدواڑہ، دہلی　　　　وفات: ۲۴/اکتوبر ۱۷۸۶، لکھنؤ

مصحفی نے ''شاعر شیریں بیاں سے'' تاریخ وفات نکالی۔

اہم تصانیف:-سحر البیان، گلزار ارم، تذکرۃ الشعراء، (چھوٹی بڑی ۱۲/مثنویاں لکھیں)

مثنوی ''**سحر البیان**'':- بمعنی بیان کا جادو، اسے مثنوی بدر منیر، قصہ بدر منیر و شاہزادہ بے نظیر وغیرہ بھی کہا جاتا ہے۔

۸۵-۱۷۸۴ء میں آصف الدولہ کے عہد میں لکھی۔ میر حسن نے اسے آصف الدولہ کی خدمت میں پیش کیا جس کے بدلے ایک دوشالے کے سوا کچھ نہ ملا۔

آخری اور طبع زاد مثنوی، مصحفی نے اسے ''بت خانۂ چین'' کہا ہے۔ سحر البیان کے

دیباچے میں شیر علی افسوس نے اسے ''اسم با مسمیٰ'' کہا۔

مثنوی بحر متقارب مثمن مقصور یا محذوف (فعول فعولن فعولن فعول) کے وزن میں لکھی گئی۔ گلکر سٹ کی فرمائش پر میر شیر علی افسوس کے مقدمے کے ساتھ ۱۸۰۵ء میں ہندوستانی پریس کلکتہ سے چھپی۔ میر حسن کی موت کے ۱۹؍برس بعد۔

کردار:-شہزادۂ بے نظیر، شہزادی بدر منیر، نجم النساء (وزیر زادی)، ماہ رخ پری، فیروز شاہ، مسعود شاہ، فرخ سیر، عیش بائی۔

دیا شنکر نسیم......

معروف نام: دیا شنکر نسیم — اصل نام: پنڈت دیا شنکر نسیم

والد: پنڈت گنگا پرساد کول — استاد: آتش لکھنوی

ولادت: ۱۸۱۱، لکھنو — وفات: ۱۸۴۵، لکھنؤ (طاعون کی بیماری سے)

اہم تصانیف:-مثنوی ''**گلزار نسیم**'':- ''گل بکاولی'' کی مشہور داستان عشق۔

اصل قصہ عزت اللہ بنگالی نے ۱۷۲۲ء میں قصہ بکاولی کے نام سے فارسی نثر میں لکھا۔ منشی نہال چند لاہوری نے ۱۸۰۳ء میں گل کرسٹ کی فرمائش پر ''مذہب عشق'' کے نام سے اردو میں لکھا۔ ۱۷۷۶ء میں ریحان لکھنوی نے یہی قصہ ''خیابان'' کے نام سے منظوم کیا۔ نسیم نے ۲۸؍سال کی عمر میں ۱۸۳۹-۱۸۳۹ء میں اردو نظم کا لباس پہنا کر ''مثنوی گلزار نسیم'' کے روپ میں پیش کیا۔ پہلی بار ۱۸۴۴ء میں مطبع میر حسن رجوی سے شائع ہوئی۔ رشید حسن خاں نے اسے مرتب کیا۔

مثنوی بحر متقار ہزج مسدس اخرب مقبوض مقصور یا محذوف (مفعولنمفاعیلن فعولن) کے وزن میں لکھی گئی۔

کردار:- زین الملوک، تاج الملوک، بکاؤلی، جمیلہ پری، فیروز، سمن پری، بہرام، روح افزا، حسن آرا، محمودہ، راجا اندر، حمالہ دیونی، رانی چترا وت، چتر سین، دلبر بیسوا۔

مرثیہ

میر ببر علی انیس......

معروف نام: میر انیسؔ — اصل نام: میر ببر علی

والد: میر مستحسن خلیق — استاد: میر مستحسن خلیق

ولادت: ۱۸۰۲، فیض آباد — وفات: ۷؍دسمبر ۱۸۷۴، لکھنؤ

اہم تصانیف:-''مراثی انیس'' چار جلدوں میں شائع۔ اس کے علاوہ بھی مختلف لوگوں نے الگ الگ انداز سے چھاپا ہے۔

مرثیہ ''نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری'' ۱۰۲ بند پر مشتمل ہے۔ جس میں انیس نے اپنی اور اجداد کی تعریف، صبح کے مناظر، اصحاب کا میدان جنگ میں جانا اور شہادت پانا پھر حضرت امام حسینؑ کا دشمنوں سے جنگ کرنا شہادت پانا بیان کیا ہے۔

مرزا سلامت علی دبیر......

معروف نام: دبیرؔ — اصل نام: مرزا سلامت علی

والد: مرزا غلام حسین — استاد: میر مظفر حسین ضمیر

ولادت: ۱۸۰۳، دہلی — وفات: ۱۸۷۵، لکھنؤ

اہم تصانیف:-دفتر ماتم کے نام سے مرثیوں کا مجموعہ کئی جلدوں میں شائع۔ اس کے علاوہ بھی مختلف لوگوں نے الگ الگ انداز سے چھاپا ہے۔

نوٹ: یو.جی.سی. کے نصاب میں شامل دبیرؔ کا مرثیہ کا دبیر کا نہیں بلکہ انیسؔ کے مرثیہ کا درمیانی شعر ہے لیکن وہ بھی درست نہیں لکھا ہے۔

مرثیۂ عارف:- لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور ۔غالب کا غزل کی فارم میں لکھا ہوا شامل نصاب مرثیہ جس میں ۱۰؍اشعار ہیں۔، یہ مرثیہ غالبؔ نے اپنی بیوی امراؤ بیگم کے بھائی کے بیٹے عارف کی موت پر لکھا تھا۔ جو گود لیا

بیٹا تھا۔ غالب کی سات اولادیں ہوئیں لیکن ایک بھی زندہ نہ بچیں۔

جمیل مظہری......

معروف نام: جمیل مظہری　　اصل نام: سید کاظم علی (تخلص: جمیل)

والد: سید خورشید حسنین　　استاد: وحشت کلکتوی

ولادت: ۱۹۰۵ء حسن پورہ، سارن، پٹنہ،

وفات: ۲۳؍جولائی ۱۹۸۰ء مظفر پور

اہم تصانیف: -عرفان جمیل، فکر جمیل، نقش جمیل، وجدان جمیل۔ مثنوی؛ آب وسراب، نظم، غزل، گیت، رباعیات، قطعات اور مراثی میں طبع آزمائی کی۔

مرثیہ: -''جنبش سے میرے خامۂ افسوں طراز ھے'' بعنوان ''مضراب شہادت'' ۱۹۵۱ء میں تصنیف کیا۔ جس میں ۷۳؍بند ہیں۔

اردو قصیدہ پر تنقیدی کتابیں

ڈاکٹر محمود الٰہی	:	اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ
ڈاکٹر ابو محمد سحر	؛	اردو میں قصیدہ نگاری، انتخاب قصائد اردو (مرتب)
ڈاکٹر ام ہانی اشرف	:	اردو قصیدہ نگاری
عتیق احمد صدیقی	:	قصائد سودا
سر شاہ سلیمان	:	قصائد ذوق (مرتب)
علی جواد زیدی	:	قصیدہ نگاران اتر پردیش (مرتب)
عزیز لکھنوی	:	برق تجلی، صحیفہ ولا
ضیا احمد بدایونی	:	مجموعۂ قصائد مومن
رشید حسن خاں	:	انتخاب سودا

اردو مثنوی پر تنقیدی کتابیں

سید محمد عقیل رضوی	:	اردو مثنوی کا ارتقاء شمالی ہند میں
گوپی چند نارنگ	:	ہندوستانی قصوں سے ماخوذ اردو مثنویاں
عبد القادر سروری	:	اردو مثنوی کا ارتقاء
خان رشید	:	اردو کی تین مثنویاں

اردو مرثیہ پر تنقیدی کتابیں

ڈاکٹر مسیح الزماں : اردو مرثیہ کا ارتقاء (ابتدا سے انیس تک)
نیر مسعود : مرثیہ خوانی کا فن
رشید موسوی : دکن میں مرثیہ اور عزاداری
ڈاکٹر ام ہانی اشرف: اردو مرثیہ نگاری
ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری: اودھ میں اردو مرثیہ کا ارتقاء، میر انیس بحیثیت رزمیہ شاعر
علی عباس حسینی : اردو مرثیہ
شارب ردولوی : اردو مرثیہ
اسد اریب : اردو مرثیہ کی سرگزشت
سید عقیل رضوی : مرثیے کی سماجیات
فاضل حسن ہاشمی : مراثی انیس میں انسانی اقدار
گوپی چند نارنگ : انیس شناسی
فضل امام رضوی : انیسؔ شخصیت اور فن
ظہیر احمد صدیقی : تحقیقی مطالعہ انیسؔ
نائب حسین نقوی : فرہنگ انیسؔ
اثر لکھنوی : انیس کی مرثیہ نگاری
کوثر نیازی : انیسؔ شاعر انسانیت
نور الحسن : انیسؔ کی سحر نگاری
شہید صفی پوری : انیسؔ کی شاعری
عسکری صفدر : جائزہ انیسؔ

امجد علی شہری : حیات انیسؔ
انور سدید : میر انیس کی اقلیم سخن
جعفر حسین خان جونپوری: میر انیس اور ان کے اخلاف کے مرثیے
مسعود حسین رضوی : انیسیات، روح انیس، رزم نامۂ انیس، اسلاف میر انیس
طاہر حسین کاظمی : اردو مرثیہ انیس کے بعد، معاصرین مرزا دبیر تقابلی مطالعہ
صالحہ عابد حسین : میر انیس سے تعارف، انیس کے مرثیے (جلد ۱، ۲)
خواتین کربلا کلام انیس کے آئینے میں
شبلی نعمانی : موازنۂ انیس و دبیر
صدیق الرحمٰن قدوائی: انیس و دبیر (حیات و خدمات)
رشید حسن خاں : انتخاب مراثی انیسؔ و دبیرؔ
ثابت لکھنوی : حیات دبیرؔ
محمد زماں آزردہ : مرزا اسلامت علی دبیرؔ
ایس اے صدیقی : مرزا دبیرؔ کی مرثیہ نگاری
ڈاکٹر احسن فاروقی : اردو مرثیہ کی تاریخ، مرثیہ نگاری اور میر انیس، دبستان دبیر،
ذہین نقوی : ہندوستانی شعریات کی روشنی میں اردو مرثیہ کا مطالعہ
شمشاد حیدر زیدی : اردو مرثیے میں ہیئت اور موضوع کے تجربات

مختصر تذکرہ

اردو غزل (UNIT - 3)

ولی......

معروف نام: ولی دکنی — اصل نام: ولی محمد

والد: شریف محمد علوی — استاد:

ولادت: ۱۶۵۰، اورنگ آباد — وفات: ۲۰/ اکتوبر ۱۷۲۰، احمد آباد

اہم تصانیف: -کلیات ولی

میر تقی میر......

معروف نام: میرؔ — اصل نام: محمد تقی

والد: محمد علی (علی متقی) — استاد: آرزو، شاہ نصیر الدین

ولادت: ۱۷۲۲، آگرہ — وفات: ۱۸۱۰، لکھنؤ

اہم تصانیف: -کلیات میر ۱۸۱۱ء (۶/ دواوین) نکات الشعراء، خواب و خیال، ذکر میر، شعلۂ عشق، جوشِ عشق، دریائے عشق، شکارنامہ، انتخاب میر: از؛ مولوی عبدالحق۔

مرزا غالب......

معروف نام: غالبؔ — اصل نام: مرزا اسداللہ خاں

عرف: مرزا نوشہ — خطابات: نجم الدولہ، دبیر الملک، نظام جنگ

والد: عبداللہ بیگ خان — استاد: ملا عبدالرحیم

ولادت: ۲۷/ دسمبر ۱۷۹۷، آگرہ — وفات: ۱۵/ فروری ۱۸۶۹، دہلی

اہم تصانیف: دیوان غالب، دستنبو، قاطع برہان، درفش کاویانی، پنج آہنگ، سبد چین، گل رعنا، لطائف غیبی، دعائے صباح، عود ہندی، اردوئے معلیٰ، قادر نامہ،

حکیم مومن خان......

معروف نام: مومن — اصل نام: حکیم مومن خان

والد: حکیم غلام نبی خاں — استاد: شاہ نصیر الدین نصیرؔ

ولادت: ۱۸۰۰، دہلی — وفات: ۱۸۵۲، دہلی

اہم تصانیف: -کلیات، دیون مومن، انشائے فارسی، دیوان فارسی۔

شادؔ عظیم آبادی......

معروف نام: شادؔ عظیم آبادی — اصل نام: سید محمد علی

والد: عباس مرزا — استاد: شاہ الفت حسین فریاد

ولادت: ۷/ جنوری ۱۸۴۶، پٹنہ — وفات: ۷/ جنوری ۱۹۲۷، پٹنہ

مجموعہ کلام: میخانۂ الہام، سروشِ ہستی، رباعیات شاد، مراثی شاد، صوبۂ بہار کی تاریخ، ''کلیات شادؔ'' شائع؛ بہار اردو اکادمی پٹنہ۔

حسرت موہانی......

معروف نام: حسرت موہانی — اصل نام: سید فضل الحسن

والد: سید اظہر موہانی — استاد: بلال لکھنوی، تسلیم لکھنوی

ولادت: ۱۸۸۱، موہان ضلع اُناؤ — وفات: ۱۳/ مئی ۱۹۵۱، لکھنؤ

اہم تصانیف: -کلیات حسرت، شرحِ دوان غالب (نثر)

فانی بدایونی......

معروف نام: فانی بدایونی — اصل نام: محمد شوکت علی خان

والد: محمد شجاعت علی خاں — استاد:

ولادت: ۱۳/ دسمبر ۱۸۷۹، بدایوں — وفات: ۲۶/ اگست ۱۹۴۱، حیدرآباد

اہم تصانیف: -دیوان فانی، باقیات فانی، عرفانیات فانی، وجدانیات فانی۔ کلام فانی،

جگر مرادآبادی......

معروف نام:جگر مرادآبادی　اصل نام:علی سکندر

والد:مولوی سید علی نظر　استاد:داغ دہلوی،تسلیم

ولادت:۶راپریل ۱۸۹۰،مرادآباد　وفات:۹رستمبر۱۹۶۰،گونڈہ

اہم تصانیف:-داغ جگر۱۹۲۲،شعلہ طور۱۹۳۲،آتش گل ۱۹۵۸،

اصغر گونڈوی......

معروف نام:اصغر　اصل نام:اصغر حسین

والد:تفضّل حسین　استاد:امیر اللہ تسلیم

ولادت:۱رمارچ ۱۸۸۴،گورکھپور　وفات:۳۰رنومبر ۱۹۳۶

اہم تصانیف:-نشاط روح(۱۹۲۵ء)،سرود زندگی(۱۹۲۵ء)

یگانہ چنگیزی......

معروف نام:یگانہ چنگیزی　اصل نام:مرزا واجد حسین

تخلص:پہلے ''یاس'' پھر''یگانہ''

والد:غلام حسین　استاد:شاد عظیم آبادی

ولادت:۱۷را کتوبر۱۸۸۲،پٹنہ　وفات:۴رفروری ۱۹۵۶،لکھنؤ

اہم تصانیف:-نشتر یاس،آیات وجدانی ۱۹۲۷،ترانہ گنجینہ،غالب شکن۔

فراق گورکھپوری......

معروف نام:فراق گورکھپوری　اصل نام:رگھوپتی سہائے

والد:منشی گورکھ پرساد عبرت　والدہ:دلاری دیوی

استاد:وسیم خیرآبادی

ولادت:۱۸راگست ۱۸۹۶،گورکھپور　وفات:۳رمارچ ۱۹۸۲،نئی دہلی

۱۹۳۰ء میں الہ آباد یونیورسٹی میں انگریزی کے لیکچر رہوئے۔۱۹۵۸ء میں سبکدوش ہوئے۔

اہم تصانیف:-تحفہ خوشتر(پہلا شعری مجموعہ ۱۹۲۲)، شعلہ ساز،روح کائنات (رباعیاں،نظمیں)،مشعل،روپ(مجموعہ رباعی)،گل نغمہ ۱۹۵۹(رباعیوں،نظموں، اےغزلیں،)غزلستان،شعرستان،شبنمستان،چراغاں،پچھلی رات،دھرتی کی کروٹ، من آنم(خطوط کا مجموعہ)

تنقیدی تصانیف:-اردو کی عشقیہ شاعری۱۹۴۵ تنقید،حاشیے،اندازے،اردو غزل گوئی ۱۹۵۵،اردو ساہتیہ کا اتہاس(ہندی)

من آنم(خطوط کا مجموعہ)

اہم انعامات:۔۱۹۶۱ء ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ

۱۹۶۸ء سویت لینڈ نہرو ایوارڈ،پدم بھوشن

مجروح سلطانپوری......

معروف نام:مجروح　اصل نام:اسرار الحسن(اسرار،ابتدائی تخلص)

والد:محمد حسن　استاد:جگر،رشید احمد صدیقی

ولادت:۱را کتوبر۱۹۱۹،اعظم گڑھ　وفات:۲۴رمئی ۲۰۰۰ممبئی

اہم تصانیف:-''غزل''اس کا انتساب راجندر سنگھ بیدی کے نام ہے۔ایک ہی مجموعۂ کلام،دوبارہ ''مشعل جاں'' شائع ہوا۔

کلیم عاجز......

معروف نام:کلیم عاجز　اصل نام:کلیم احمد

والد:　استاد:

ولادت:۱۱را کتوبر۱۹۲۶ پٹنہ　وفات:۱۵رفروری ۲۰۱۵ء ہزاری باغ۔

اہم تصانیف:-وہ جو شاعری کا سبب ہوا،۱۹۷۶(پہلا مجموعۂ غزل مع خودنوشت)،

☆ پھر ایسا نظارہ نہیں ہوگا ۲۰۰۸ (ابتدائی غزلوں اور نظموں کا مجموعہ)

☆ کوچہ جاناں (نظموں کا مجموعہ) ☆ ہاں چھیڑو غزل عاجز (۲۰۱۴)

☆ جہاں خوشبو ہی خوشبو تھی، ابھی سن لو مجھ سے (خود نوشت)

☆ دو دیوانے، پہلو نہ دکھے گا (خطوط کا مجموعہ)

☆ مجلس ادب (یادگار شعری محفلوں کی روداد)

☆ یہاں سے کعبہ، کعبہ سے مدینہ (سفرنامۂ حج)

☆ اک دیس ایک بدیسی (سفرنامۂ امریکہ)

شہریار......

معروف نام: شہریار　　　　اصل نام: کنور اخلاق محمد خان

والد: کنور ابو محمد خان　　　　والدہ: بسم اللہ بیگم

ولادت: ۱۶/جون ۱۹۳۶، آنولہ ضلع بریلی، اتر پردیش

وفات: ۱۴/فروری ۲۰۱۱ علی گڑھ۔

مجموعۂ کلام: اسم اعظم (۱۹۶۵) پہلا شعری مجموعہ، ساتواں در (۱۹۶۹)، ہجر کے موسم (۱۹۷۸)، خواب کا در بند ہے (۱۹۸۵)، نیند کی کرچیں (۱۹۹۵)، حاصل سیر جہاں (۲۰۰۱)، شام ہونے والی ہے (۲۰۰۴)۔

قافلے یادوں کے (پہلا انتخاب ۱۹۸۷) دیوناگری میں۔ دھوپ کی دیواریں ۱۹۹۸، دھند کی روشنی (شہریار کی منتخب نظمیں ۲۰۰۳)، میرے حصے کی زمین (کلیات ہندی) ۱۹۹۸، ۱۹۷۱ء میں ''ن م. راشد فکر و فن'' کے عنوان سے تنقیدی مضامین کا مجموعہ مغنی تبسم کے ساتھ مرتب کیا۔

اعزازات وانعامات: ۔ساہتیہ اکادمی ایوارڈ، غالب انعام، اقبال سمان (۱۹۸۷)

حیدرآباد سینٹرل یونیورسٹی سے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری (۲۰۱۰)

عرفان صدیقی......

معروف نام: عرفان صدیقی　　　　اصل نام: محمد عرفان احمد صدیقی

والد: سلمان احمد ہلالی　　　　والدہ: رابعہ خاتون

ولادت: ۱۱/مارچ ۱۹۳۹، بدایوں　　　　وفات: ۱۵/اپریل ۲۰۰۴ لکھنؤ

اہم تصانیف: ۔ کینوس ۱۹۷۸، شب درمیانی ۱۹۸۴، سات سماوات ۱۹۹۲، عشق نامہ ۱۹۹۷، دریا ۱۹۹۹ (پہلے چار مجموعوں کی کلیات)، ہوائے دشت ماریہ (۱۹۹۸) سلام و منقبت پر مشتمل، ۔عوامی ترسیل ۱۹۷۷، رابطۂ عامہ ۱۹۸۴، (نثری تصانیف)

اردو غزل پر تنقیدی کتابیں

رشید احمد صدیقی　:　جدید غزل

مختصر تذکرہ

اردو نظم (UNIT - 4)

نظیراکبرآبادی......

معروف نام:نظیراکبرآبادی — اصل نام: شیخ ولی محمد

والد: شیخ محمد فاروق — استاد:

ولادت:۱۷۳۵ء، دہلی — وفات:۱۶/اگست۱۸۳۰ء، آگرہ

مجموعہ کلام:-کلیات نظیر

نظمیں:-**مفلسی**،۳۴بند،مخمس کی شکل میں ہے۔

آدمی نامہ،۱۸بند،مخمس کی شکل میں ہے۔

بنجارہ نامہ،۱۲بند،مخمس کی شکل میں ہے۔

محمد حسین آزاد......

معروف نام: آزاد — اصل نام:محمد حسین

والد:مولوی محمد باقر — استاد:ذوق دہلوی

ولادت:۱۰/جون۱۸۳۰ء، دہلی — وفات:۲۲/جنوری۱۹۱۰ء، لاہور

اہم تصانیف:-آب حیات، دربار اکبری،سخن دان فارس،ڈرامہ اکبر، سیر ایران، نگارستان فارس،قصص ہند، نیرنگ خیال،خوابِ امن۔

نظمیں:-**شب قدر**؛۱۳۰/اشعار؛مثنوی کے انداز میں ہے۔

صبح امید؛۱۵۱/اشعار؛مثنوی کے انداز میں ہے۔

الطاف حسین حالی......

معروف نام:حالی — اصل نام:الطاف حسین

تخلص: پہلے ’خستہ‘ پھر ’حالی‘

والد:خوجہ ایزد بخش — استاد: غالب،شیفتہ

ولادت:۱۸۳۷ء پانی پت — وفات:۳۱/دسمبر۱۹۱۴ پانی پت،

اہم تصانیف:-حیات سعدی، یادگار غالب، حیات جاوید، مقدمۂ شعروشاعری، مجالس النساء، مسدس مدوجزر اسلام (مسدس) مقالات حالی، دیوان حالی۔

نظمیں:-**نشاط امید**؛۱۸۷۴ء میں مرتب ہوئی،۹۲/اشعار پر مشتمل ہے۔

برکھا رت؛۱۴۵/اشعار؛مثنوی کے انداز میں ہے۔

مناجات بیوہ؛۱۰۲/اشعار؛مثنوی کے انداز میں ہے۔

اسمعیل میرٹھی......

معروف نام:اسمعیل میرٹھی — اصل نام: شیخ محمد اسمٰعیل

والد: پیر بخش — والدہ:

ولادت:۱۲/نومبر۱۸۴۴ء، میرٹھ — وفات:۱/نومبر۱۹۱۷ء،

نظمیں:-**خدا کی صنعت**؛۴۰/اشعار پر مشتمل ہے۔

آثار ثلف؛۷۰/بند پر مشتمل ''مثمن'' میں ہے۔

اکبرالہ آبادی......

معروف نام:اکبرالہ آبادی — اصل نام:سیداکبر حسین رضوی

والد:میر تفضّل حسین — استاد:وحید الہ آبادی

ولادت:۱۶/نومبر۱۸۴۶ء، الہ آباد — وفات:۹/ستمبر۱۹۲۱

نظمیں:-**فرضی لطیفہ**؛۱۱/اشعار پر مشتمل ہے۔

برق کلیسا؛۲۹/اشعار پر مشتمل ہے۔

دربار دھلی؛۴۴/اشعار پر مشتمل ہے۔

چکبست لکھنوی......

معروف نام: چکبست لکھنوی　　اصل نام: برج نرائن

والد: اودے نرائن　　استاد: سید فضل علی خاں افضلؔ

ولادت: ۱۹؍جنوری ۱۸۸۲، فیض آباد　　وفات: ۱۲؍فروری ۱۹۲۶، رائے بریلی،

اہم مجموعہ کلام: صبح وطن،

نظمیں:- **رامائن کا آخری سین**؛ ۲۲؍بند پر مشتمل ہے۔

اردو قواعد کو ماہرین زبان نے پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے جو درج ذیل ہیں:

(۱) علم ہجا
(۲) علم صرف
(۳) علم نحو
(۴) علم بیان یا بلاغت
(۵) علم عروض

ہجا:۔ اردو قواعد کا وہ حصہ جس میں حروف کے استعمال اور زبان کے حرکات وسکنات سے متعلق باتیں ہوتی ہیں۔

صرف:۔ اردو قواعد کے اس حصے میں لفظوں کی بناوٹ اور اس میں ہونے والی تبدیلیوں کے متعلق بحث کی جاتی ہے۔

ع نحو:۔ اس میں لفظوں کی ترتیب سے متعلق بحث کی جاتی ہے۔ جملوں کی ساخت یا ان کی بناوٹ کا علم ہوتا ہے۔

علم بلاغت یا بیان:۔ اردو قواعد کے اس حصے میں ان اصولوں پر بحث کی جاتی ہے۔ جس کے استعمال سے اردو زبان پر شکوہ اور دلکش ہو جاتی ہے۔

علم عروض:۔ قواعد کے اس حصے سے اشعار کے وزن یا بحر کے ناپنے کا علم ہوتا ہے۔ اس علم سے شعر کہنے کا صحیح طریقہ بھی آ جاتا ہے۔

حروف ہجا یا املا

قواعد میں سب سے پہلا درجہ آواز کا ہوتا ہے۔حرف آواز کو ظاہر کرنے والے نشان کو کہتے ہیں۔اس کے بعد حروف کا درجہ ہے۔اس کے بعد لفظ اور کلمے کا نمبر آتا ہے۔دو یا کئی لفظوں کے ملنے سے حرف بنتا ہے۔

دنیا کی تمام زبانوں کی تشکیل میں حروف ہجا کا اہم رول رہا ہے۔اس کی مدد سے ہی کوئی زبان بنتی ہے۔"علم ہجا وہ علم ہے جس سے حرفوں کی تعداد اور ان کی آوازیں حرکات وسکنات کا حال معلوم ہو"۔اردو زبان میں کل ۵۱/حروف ہیں۔ان حروف کے مجموعے کو "حروف تہجی" (ہجا) (Alphabets) کہا جاتا ہے۔ بناوٹ کے لحاظ سے ان حروف کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

مفرد حروف:۔ (Simple Letter) جن کی کل تعداد ۳۶ ہے۔ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص ض ط ظ ع غ ف ک ل م ن و ہ ء ی ے۔

مرکب حروف:۔ (Compound Letter) جو تعداد میں ۱۴/ ہیں۔ بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ، گھ، لھ، مھ، نھ۔

ان دو حرفوں کے میل سے ایک مرکب آواز پیدا ہوتی ہے جنھیں ہکاری حروف کہا جاتا ہے۔انھیں "مخلوط الہا" بھی کہتے ہیں۔

اردو کے حروف تہجی میں ۱۸/حروف غیر منقوط ہیں۔منشی امیر مینائی کے بقول "جن حروف کا تلفظ 'بے، تے' کے وزن پر ہے وہ مونث بقیہ سب مذکر ہیں۔

حروف کی بنیاد "ابجد" ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ پر ہے۔ اس میں عربی اٹھائیس حروف سب آگئے ہیں۔لیکن چونکہ اردو عربی فارسی اور ہندی سے مل کر بنی ہے اس لئے سب زبانوں کے حروف شامل ہوگئے ہیں؛

عربی حروف = ث، ح، ذ، ص، ض، ط، ظ، ع، ق وغیرہ

فارسی حروف = پ، چ، ژ، گ، ش

ہندی کے حروف۔ ٹ ڈ ڑ

ان حروف کو ان کی آواز کے لحاظ سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؛

حرف علت:۔ (Vowel) اردو کے وہ حروف جن کی اپنی آوازیں ہوتی ہیں، جیسے: ا، و، ی (الف، واؤ، ی)۔

حروف صحیح:۔ (Consonant) وہ حروف جن کی اپنی آوازیں نہیں ہوتی ہیں بلکہ یہ حروف علّت کی مدد سے بولے جاتے ہیں، جیسے؛ ب، پ، م وغیرہ۔

حرف مخلوط:۔؛ صرف ہندی الفاظ میں آتے ہیں، جیسے؛ بھائی، تھان، ٹھاٹھ، دھاوا، ڈھال، گھر، چولھا وغیرہ۔

حروف منقوط:۔ نقطے والا حرف۔ وہ حرف جو نقطہ دار ہوں۔ (معجمہ)

حروف غیر منقوط:۔ وہ حرف جس پر کوئی نقطہ نہ ہو۔ (مہملہ)

حروف موحدہ:۔ وہ حروف جو ایک نقطے والے ہوں۔

حروف مثنّات:۔ دو نقطے والے حروف کو کہتے ہیں۔

حروف مثلثہ:۔ تین نقطے والے حروف کو کہتے ہیں۔

حروف متشابہ:۔ جن کی شکل ایک جیسی ہو؛ ب، پ، ج، چ، ع، غ وغیرہ۔

اعراب

سب سے پہلے حضرت علی ابن ابی طالبؑ نے ابوالا سود کی گزراش پر "اِعراب" کا قاعدہ (اصول) ارشاد فرمایا۔اس کو اِعراب اس لئے کہتے ہیں کہ یہ عرب میں ایجاد ہوئے۔اِعراب کو"حرکات وسکنات" بھی کہتے ہیں یہ اصطلاح فارسی میں رائج ہوئی۔"حرکات وسکنات" اس لئے نام پڑا کہ کچھ حروف متحرّک اور کچھ ساکن ہوتے ہیں۔

اعراب وہ علامات ہیں جن کی مدد سے اردو کے حروف آپس میں ملائے جاتے ہیں؛اعراب کی دوقسمیں ہیں۔حرکات،سکنات

حرکات

وہ نشانیاں جو حرف کو متحرک کرتی ہیں۔زبرؑ زیرؑ پیشؑ، تنوینؑ، کو حرکات کہتے ہیں، جیسے؛'غم' میں غ متحرک ہے۔

زبر یا :۔ غَم،رَس میں غ،م۔جس حرف پر زبر یا فتح ہوتا ہے اسے مفتوح کہتے ہیں۔

زیر:۔ زیر کو"کسرہ" کہتے ہیں۔دِل،اِس، میں د،ا۔جس حرف کے نیچے زیر ہوتا ہے اسے مکسور کہتے ہیں۔

:۔ پیش کو"ضمہ" کہتے ہیں۔گُل،بُلبل، میں گ،ب،۔جس حرف پر پیش یا ضمہ ہوتا ہے اسے مضموم کہتے ہیں۔

تنوین:۔ نون کی آواز پیدا کرنے کو"تنوین" کہتے ہیں اس کا تعلق زبرؑ زیرؑ پیش تینوں سے ہے مگر اردو میں "زبر" ہی پر تنوین آتی ہے۔زیر اور پیش کی تنوین عربی کے لئے مختص ہے۔اردو میں لفظ کے آخر میں الف پر دوزبر لگا کر تنوین کو ظاہر کیا جاتا ہے جیسے فوراً،عموماً وغیرہ۔جس حرف پر یہ علامت ہوتی ہے اسے"منوّن" کہتے ہیں۔

سکنات

وہ نشانیاں جو حروف کو ساکن کرتی ہیں جیسے دِل میں 'ل' ایسا حروف ہے جو ساکن ہے۔اس کی چار قسمیں ہیں؛سکون (جزم)،تشدید،وقف،ہمزہ،

جزم:۔ اس کا دوسرا نام سکون ہے۔حرکت کے کسی نشان نہ ہونے اور آواز کے رُکنے کو سکون کہتے ہیں۔جس حرف پر سکون کا نشان ہوتا ہے اسے ساکن کہتے ہیں؛ جیسے مزْدور،مقْصد،مطْلب،برْباد، میں ز،ق،ط،ر۔

تشدید:۔ یہ علامت جس حرف پر ہوتی ہے وہ دوبار پڑھا جائے۔جیسے ابّا،اڈّہ، میں ب،ڈ،دوبار پڑھا جاتا ہے۔جس حرف پر تشدید ہوتی ہے اسے مشدّد کہتے ہیں۔

وقف یا موقوف:۔ ایک ساتھ جب کئی ساکن حرف جمع ہوجاتے ہیں تو اس حالت کو وقف کہتے ہیں۔پہلے ساکن حروف کو چھوڑ کر بقیہ تمام ساکن حروف کو موقوف کہا جاتا ہے۔مثلاً نام،جوش وغیرہ میں 'م' 'ش' موقوف ہیں۔

ہمزہ(ء):۔ یہ بھی ایک علامت ہے جیسے گاؤ،جاؤ کھاؤ وغیرہ۔

اردو میں علاماتِ اوقاف

ختمہ (کامل وقفہ)	Full Stop	(۔)
سکتہ	Comma	(،)
ڈیش۔خط	Dash	(-)
نیم وقفہ	Semicolan	(؛)
رابطہ(تفسیریہ)	Colon	(:)
تفصیلہ	Colon and Dash	(:-)
ڈاٹ (زنجیرہ)	Hyphen	(.......)
سوالیہ (استفہامیہ)	Sign of Interrogaction	(؟)
ندائیہ۔فجائیہ	Sign of Exclamation	(!)
واوین	Inverted Commas	"......"
قوسین یاہلالین	Brackets	( )
مشابہ	Sign of Equation	(=)

حروف اوران کی قسمیں

الف کی دوقسمیں ہیں؛مقصورہ،ممدودہ

الف مقصورہ:۔ وہ الف جو کھینچ کرنہیں پڑھا جاتا جیسے؛اگر،اثر،اکبروغیرہ۔

الف ممدودہ:۔ وہ الف جو کھینچ کر پڑھا جاتا ہےاس پر مد کا نشان ہوتا ہے اور کھینچ کر دوالف کے برابر پڑھا جاتا ہے جیسے؛آم،آرام،آرزو۔

نون کی دوقسمیں ہوتی ہیں؛نون ظاہر،نون غنہ

نون ظاہر:۔ وہ نون جو بالکل صاف طور پر پڑھا جائے جیسے؛خون،اند،نوروغیرہ۔

نون غنہ:۔ وہ نون جو صاف طور پر نہ پڑھا جائے بلکہ اس کی آواز ناک سے نکلے جیسے؛گلستاں،یہاں،آسماں وغیرہ۔

نوٹ:۔نون ساکن کے بعد اگر'ب' آئے تو اس 'نون' کی آواز میم کی آواز میں تبدیل ہوجاتی ہے۔جیسے؛جنبش،قنبر،انبیاء،شنبہ۔

واؤ کی تین قسمیں ہوتی ہیں؛معروف،مجہول،معدولہ۔

واؤمعروف:۔ جو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے یا جس کے پہلے حرف کا پیش خوب ظاہر کرکے پڑھا جاتا ہے جیسے نُور،غرُور،خُون وغیرہ میں واؤ کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔

وامجہول:۔ جو کھینچ کرنہیں پڑھا جاتا جیسے گور،شور،وغیرہ میں واؤ کو کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا ہے۔

واؤمعدولہ:۔ وہ واؤ جو لکھا تو جائے لیکن پڑھا نہ جائے جیسے خود،خویش،خواجہ وغیرہ میں واؤ لکھا تو جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔

ہا(ہ) کی دوقسمیں ہیں؛ہائے ملفوظی،ہائے مختفی

ھائے: ۔ وہ 'ہ' جو لکھی جائے اور پڑھی بھی جائے جیسے؛ ماہ، راہ، شاہ، قہر وغیرہ میں 'ہ' کی آواز صاف نکلتی ہے۔

ھائے مختفی غیر ملفوظی: ۔ وہ 'ہ' جو لکھی جائے لیکن پڑھی نہ جائے جیسے؛ راجہ، دانہ، روزانہ وغیرہ میں 'ہ' کی آواز صاف نہیں نکلتی ہے۔

یا (ی) کی دو قسمیں ہوتی ہیں؛ یائے معروف، یائے مجہول

یائے معروف: ۔ وہ 'ی' جو صاف طور پر پڑھی جائے جیسے؛ رانی، شادی، آری وغیرہ میں 'ی' کی آواز صاف نکلتی ہے۔

یائے مجہول: ۔ وہ 'ی' جو کھینچ کر نہ پڑھی جائے جیسے؛ آرے، ہرے، ریل وغیرہ میں 'ی' کی آواز صاف نہیں نکلتی ہے۔

لفظ اور اس کی قسمیں

لفظ: ۔ ودو یا دو سے زائد حروف کے مجموعے کو لفظ کہا جاتا ہے۔ وہ آواز جو آدمی کے منھ سے نکلتی ہے اسے کلمہ (لفظ) کہا جاتا ہے۔ جیسے؛ دو، دوستی، بلی، کتاب وغیرہ۔

معنی کے لحاظ سے لفظ کی دو قسمیں ہیں؛ موضوع، مہمل۔

موضوع یا کلمہ: ۔ وہ لفظ جس کے کچھ نہ کچھ معنی ہوں۔ جیسے روٹی، کتاب، کاپی۔

مہمل: ۔ وہ لفظ جس کے کوئی معنی نہ ہوں اور وہ موضوع کے ساتھ ''واؤ'' کے لگنے سے لکھا یا بولا جاتا ہے۔ جیسے ووٹی، وتاب، واپی وغیرہ۔

موضوع الفاظ کی درج ذیل دو قسمیں ہیں؛

مفرد لفظ: ۔ (Simple Word) وہ لفظ جس کو ٹکڑا کر دینے کے بعد کوئی معنی نہ نکلے جیسے؛ حضور کو ح+ضور، اس طرح الگ کر دینے سے کوئی معنی نہیں ہوگا۔

مرکب الفاظ: ۔ (Compound Word) وہ لفظ جس کو ٹکڑا یا الگ کر دینے کے بعد بھی کچھ نہ کچھ معنی ظاہر ہو جائے جیسے؛ گلستاں، بیضاب وغیرہ میں گل+ستاں، بیض+آب کو الگ کر دینے کے بعد بھی معنی نکلتا ہے۔

کلمہ اور اس کی قسمیں

لفظوں کا وہ مجموعہ جس سے پوری بات ظاہر ہو جیسے نسرین، دہلی، کلکتہ وغیرہ۔ کلمہ کی تین قسمیں ہیں۔ اسم، فعل، حرف۔

اسم (Noun): ۔ وہ لفظ یا کلمہ جس سے کسی چیز یا صفت کا نام ظاہر ہو جیسے نسرین، دہلی، کلکتہ وغیرہ۔

(Varb):۔ وہ لفظ یا کلمہ جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو جیسے؛ وہ لوگ آئے، نکہت بازار گئی، وغیرہ۔ میں آئے اور گئی۔

حرف (Participle):۔ یہ وہ کلمہ ہے جو اسم اور فعل سے مل کر اپنے معنی کو بتائے جیسے؛ احمد سوموار سے منگل تک کام کرے گا۔ اس جملہ میں 'سے' اور 'تک' حرف ہیں جو اپنے اسم اور فعل سے مل کر اپنے معنی کو واضح کرتے ہیں۔

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی قسمیں: جامد، مصدر، مشتق۔

اسم جامد:۔ وہ اسم ہے جو کسی دوسرے کلمہ سے نہ بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا کلمہ بنے جیسے؛ علم، قلم، کتاب وغیرہ۔

اسم مصد :۔ وہ اسم ہے جو کسی دوسرے کلمہ سے نہ بنا ہو مگر اس سے دوسرا کلمہ بنایا جا سکتا ہے جیسے؛ آنا، جانا، سونا، ہنسنا وغیرہ۔

اسم مشتق:۔ وہ اسم ہے جو مصدر سے بنتا ہے جیسے؛ آنے والا، جانے والا، سوتا ہوا وغیرہ۔

اسم جامد کی دو قسمیں ہی:۔ معرفہ، نکرہ۔

اسم معرفہ:۔ (Proper Noun) وہ اسم جس سے کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کا نام معلوم ہو جیسے۔ عامر، کلکتہ، تاج محل وغیرہ۔

اسم نکرہ:۔ (Common Noun) وہ اسم جس سے کسی خاص شخص، جگہ، یا چیز کا نام نہ معلوم ہو بلکہ وہ عام ہو جیسے؛ لڑکا، آدمی، شہر، کتاب، عمارت وغیرہ۔

اسم معرفہ کی قسمیں:

خطاب:۔ وہ نام جو کسی بادشاہ یا کسی سرکار سے اعزازی طور پر دیا جائے، جیسے؛ دبیر الملک، نجم الدولہ، شیخ الہند، سرخان بہادر وغیرہ۔

لقب:۔ وہ نام جو کسی خوبی یا بڑائی کی وجہ سے مشہور ہو جائے۔ جیسے؛ شیر خدا (حضرت علیؑ

کا لقب)، کلیم اللہ، رستم ہند، بلبل ہند، وغیرہ۔

کُنیّت:۔ وہ نام جو ماں باپ کے تعلق سے مشہور ہو جائے جیسے؛ ابوالحسنؑ، امّ البنین، ام کلثوم، ابا عبداللہ۔

عُرف:۔ وہ نام جو کسی خاص وصف کی وجہ سے مشہور ہو جائے جیسے۔ مُنّا، گڑیا، کلّن، گڈو، مدّن، بدھو، کلّو، چندا وغیرہ۔

تخلُّص:۔ وہ نام جو شاعر و ادیب اپنے اصلی نام کے علاوہ خود اختیار کر لیتا ہے۔ جیسے۔ غالب، داغ، جوش، حالی، انیسؔ، دبیر وغیرہ۔

اسم نکرہ کی قسمیں:

اسم ذات:۔ کسی ایک عام چیز یا جنس کے نام کو کہتے ہیں جیسے؛ کتا، دری پنسل وغیرہ۔

ا مصغر:۔ وہ اسم ذات جس سے کسی چھوٹی چیز کا نام معلوم ہو جیسے؛ ٹوکری، کھٹولہ، چیونٹی وغیرہ۔

اسم مکبر:۔ وہ اسم ذات جس سے کسی بڑی چیز کا نام معلوم ہو جیسے؛ سمندر، کھاٹ، شاہراہ وغیرہ۔

اسم آلہ:۔ وہ اسم جو آلہ یا ہتھیار کو بتائے۔ جیسے۔ تلوار، چاقو، قینچی، ہتھوڑا، بیلچہ۔

اسم ظَرف:۔ وہ اسم جو کسی نام یا جگہ یا وقت کو ظاہر کرے۔ اس کی دو قسمیں ہیں؛

ظرف مکان:۔ جو کسی جگہ کا تصور پیش کرے؛ گئوشالہ، گھر، چراگاہ، سرائے وغیرہ۔

ظرف زمان:۔ جو کسی وقت یا زمانہ کو ظاہر کرے؛ صبح، شام، دوپہر، رات۔

اسم جمع:۔ وہ الفاظ جو صورتاً واحد نظر آتے ہیں مگر اصلاً وہ جمع ہوتے ہیں جیسے لشکر، قطار، محفل، مجلس، جھنڈ، انجمن، جنگل، گروہ۔

جنس کے لحاظ سے اسم کی قسمیں

کسی بھی اسم کے مذکر یا مونث ہونے کو 'جنس' (Gender) کہا جاتا ہے۔اگر وہ ''نر'' ہے تو مذکر اور مادہ ہے تو مونث کہا جاتا ہے۔

جنس کی دو قسمیں ہیں؛ مذکر، مونث۔

مذکر کی دو قسمیں ہیں؛ مذکر حقیقی، مذکر غیر حقیقی۔

مذکر حقیقی:۔ وہ مذکر الفاظ جو جاندار ہوں جیسے؛ آدمی، لڑکا، گھوڑا، ہاتھی وغیرہ۔

مذکر غیر حقیقی:۔ وہ مذکر الفاظ جو بے جان ہوں جیسے؛ درخت، راستہ، آفتاب وغیرہ۔

نث کی دو قسمیں ہیں؛ مونث حقیقی، مونث غیر حقیقی۔

مونث حقیقی:۔ وہ مونث الفاظ جو جاندار ہوں جیسے؛ عورت، لڑکی، گھوڑی، ہتھنی وغیرہ۔

مونث غیر حقیقی:۔ وہ مونث الفاظ جو بے جان ہوں جیسے؛ کتاب، کرسی، بتی وغیرہ۔

تعداد کے لحاظ سے اسم کی قسمیں

دو قسمیں ہیں؛ واحد، جمع۔

واحد:۔ جب کوئی اسم یا چیز تعداد میں ایک ہو اسے واحد کہا جاتا ہے جیسے؛ ایک آدمی، ایک گھوڑا، ایک کتاب وغیرہ۔

جمع:۔ جب کوئی اسم یا چیز تعداد میں دو یا دو سے زیادہ ہو اسے جمع کہا جاتا ہے جیسے؛ دو عورتیں، دس بچے، وغیرہ۔

فعل

فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہوتا ہے۔جیسے؛ خالد آیا، ساجد نے روٹی کھائی، راشد ایک لڑکا ہے۔

جب کوئی فعل (کام) ہوگا تو۔ کوئی ''فاعل'' کام کرنے والا بھی ضرور ہوگا۔اور کام کا اثر بھی کسی نہ کسی پر پڑے گا وہ ''مفعول'' کہلائے گا۔

معنی کے لحاظ سے فعل کی قسمیں؛

فعل لازم:۔ وہ فعل جس کا کوئی مفعول نہ ہو جیسے احمد رویا، وہ لوگ گئے وغیرہ۔

فعل متعدی:۔ وہ فعل جس کا کوئی مفعول ہو جیسے احمد نے جھوٹ کہا، تم نے خط لکھا۔اس کو ''فعل معروف'' بھی کہتے ہیں۔

ف ناقص یامجھول:۔ وہ فعل ہے جس میں فاعل کوئی کام نہیں کرتا بلکہ اس کے بارے میں خبر دی جاتی ہے۔ جیسے؛ شکیل بیمار ہے، ساجد شریر ہے۔اس میں فعل ہوتا ہے مگر فاعل نہیں ہوتا۔

(۱) **طور:**۔ اگر فعل کا کرنے والا (فاعل) معلوم ہے تو وہ ''طور معروف'' ہے اگر فاعل کا پتہ نہ چلے اور فعل موجودہ ہے تو وہ ''طورِ مجہول'' ہے جیسے؛

(معروف) رانی نے شیلا کو خط لکھا (مجہول) احمد کو خط سنایا گیا۔(کس نے کس کا خط سنایا نہیں معلوم)

(۲) **صورت:**۔ ہر فعل کی کوئی نہ کوئی صورت (حالت) ہوگی جس سے یہ معلوم ہوگا کہ فعل کس طرح ہوا؟۔اس کی پانچ صورتیں ہیں (۱) خبری (۲) شرطی (۳) احتمالی یا شکی (۴) امری (۵) مصدری

خبری صورت = جو کسی واقعے (فعل) کی خبر دے جیسے ابّا سو رہے ہیں۔

شرطی صورت = وہ ہے جس میں کوئی شرط یا تمنا پائی جائے۔

(شرط) جیسے موہن آئے تو سوہن جائے۔ (تمنا) یہ کتاب مجھے مل جاتی تو بہت اچھا ہوتا۔

احتمالی یاشکی = وہ فعل ہے جس میں احتمالی (شک) پایا جائے۔ جیسے ہوسکتا ہے وہ آج ہی آجائے۔

امری صورت = جس میں حکم (امر) یا التجا کا انداز موجود ہو۔ جیسے

(حکم) دیکھو! دروازے پر کون ہے؟ (التجا) قبلہ! اندر تو تشریف لائیے!

مصدری صورت = جس میں وقت کا تعیّن نہ ہو اس کے آخر میں ہمیشہ ''نا'' ضرور ہوتا ہے۔ جیسے آنا، جانا، لکھنا، پڑھنا وغیرہ

زمانہ (وقت) فعل کے لئے زمانے کا ہونا ضروری ہے ان کی تین قسمیں ہیں

(۱) ماضی (۲) حال (۳) مستقبل

زمانہ ما :۔ جس فعل سے معلوم ہو کہ کام گزرے ہوئے زمانے میں ہوا ہے؛ جیسے نسرین نے کھایا، وہ لوگ دوڑتے تھے وغیرہ۔

زمانہ حال:۔ جس فعل سے معلوم ہو کہ کام موجودہ زمانے میں ہوتا ہے؛ جیسے نسرین کھاتی ہے، وہ لوگ دوڑتے ہیں وغیرہ۔

زمانہ مستقبل:۔ جس فعل سے معلوم ہو کہ کام آئندہ زمانے میں ہوگا ہے؛ جیسے عامر کھیلے گا، صالحہ ہنسے گی وغیرہ۔

امر:۔ یہ عموماً حکم اور التجا کے لئے آتا ہے۔ جیسے؛ (حکم) جاؤ، بیٹھو، اٹھو (التجا) ابھی نہ جائیے۔ کھانا کھالیجئے۔ کل ضرور آئیے گا۔

نھی:۔ امر کے ساتھ ''نہ'' لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے؛ جھوٹ نہ بولو، تم ان کے ساتھ نہ جاؤ۔

مُضارع:۔ جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتے ہوں۔ جیسے؛ وہ آتا ہے یعنی آئے گا۔

ماضی کی چھ قسمیں ہیں؛

ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی احتمالی یا شکی
ماضی ناتمام (استمراری)	ماضی تمنّائی (شرطیہ)		

حال کی قسمیں؛

حال مُطلق	حال ناتمام	حال تمام	حال شکی یا احتمالی

مستقبل کی قسمیں؛

مستقبل مُطلق	مستقبل دوامی

صفت

وہ الفاظ جس سے کسی اسم کی اچھائی یا برائی معلوم ہو اور جس اسم کی اچھائی یا برائی یہ کلمہ ظاہر کرتا ہے وہ موصوف کہلاتا ہے جیسے؛

کالی	ٹوپی	گندہ	کپڑا
صفت	موصوف	صفت	موصوف

اسم صفت کی چھ قسمیں ہیں؛

صفت ذاتی:۔ وہ صفت جس سے کسی اہم موصوف کی اچھائی یا برائی کا پتہ چلے جیسے؛ برا آدمی، اچھا کھلاڑی، خوبصورت لڑکی تیس بس وغیرہ۔

صفت نسبتی:۔ جس سے کوئی نسبت یا لگاؤ یا تعلق ظاہر ہو جیسے؛ پشاوری ٹوپی، سنہری مسجد، کشمیری شال۔

صفت مقدا ی (وزن):۔ جس سے کسی اسم کی مقدار یا وزن یا ناپ معلوم ہو۔
جیسے؛ چار کلو آٹا، کم پانی، تھوڑی چائے۔

صفت تعدادی یا عددی:۔ وہ صفت جس سے کسی اسم کی تعداد ظاہر ہو
جیسے؛ سات عورتیں، دوسو کتابیں، وغیرہ۔

صفت ضمیری:۔ وہ ضمیریں جو صفت کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔
(۱) اگر تنہا آئے تو صرف ''ضمیر'' ہے:۔ یہ وہ کون جو گرم ٹھنڈا، اچھابُرا
(۲) اسم کے ساتھ آئے تو ''صفت'' ہے:۔ یہ لڑکا، وہ عورت، کون آدمی، گرم روٹی، ٹھنڈا پانی، اچھادن، کیا چیز۔
(۳) بطور تصغیر یا تحقیر:۔ لمبا سے لمبو، چھوٹا سے چھٹکن، کالا سے کلوٹا

ضمیر

وہ الفاظ جو کسی اسم کے بدلے میں بولے جائیں۔

ضمیر کی کل پانچ قسمیں ہیں؛

ضـ شخصی (Persona Noun):۔ وہ ضمیر جو کسی شخص یا چیز کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے میں، ہم لوگ، وہ لوگ وغیرہ۔
ضمیر شخصی کی تین قسمیں ہیں (۱) متکلم (۲) حاضر (۳) غائب
متکلم (First Person):۔ وہ جو بات کرتا ہے۔ جیسے میں، ہم لوگ وغیرہ۔
حاضر (Second Person):۔ وہ جس سے بات کی جاتی ہے اسے ''ضمیر مخاطب'' بھی کہتے ہیں جیسے تم، تم لوگ، آپ وغیرہ۔
غائب (Third Person):۔ وہ جس کے بارے میں بات کی جاتی ہے لیکن وہ

موجود نہ ہو جیسے وہ، وہ لوگ وغیرہ۔

ضمیر اشاری (Demonstrative Noun):۔ وہ ضمیر جو کسی اسم کی طرف اشارہ کرے جیسے یہ آدمی، وہ کتاب وغیرہ۔

ضمیر موصولہ (Relative Noun):۔ وہ ضمیر جو جملہ میں اپنے سے قبل آئے ہوئے اسم کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے؛ وہ میرا دوست ہے جو چائے پی رہا ہے۔

ضمیر استفہامی (Interogative Noun):۔ وہ ضمیر جس سے کسی قسم کا سوال معلوم ہو جیسے آپ کون ہیں؟ وہ آج کہاں جائے گا؟

ضمیر تنکیری (Indefinite Noun):۔ وہ ضمیر جو کسی مخصوص یا غیر متعینہ شخص یا چیز کے لئے استعمال ہو جیسے؛ کسی ایک سوال کو حل کرو، کوئی لڑکا یہاں آئے وغیرہ،

تمیز

جس سے فعل یا صفت کی کیفیت ظاہر ہو، یعنی امتیازی حیثیت معلوم ہو۔

تـ زمانی:۔ جس سے وقت (زمان) معلوم ہو۔ اب کب جب تب، آج کل، پرسوں، صبح رات دن، ہمیشہ، اچانک، یکا یک، فوراً، ابھی، سویرے، آگے پیچھے،

تمیز مکا :۔ جس سے مقام یا جگہ یا مکان کے بارے میں پتہ چلے جیسے۔
یہاں وہاں کہاں اندر باہر ادھر اُدھر کدھر اوپر نیچے بیچ۔

تـ طوری:۔ جس سے طور طریقہ معلوم ہو جیسے۔ کیسے، کیوں کر، ٹھیک ٹھیک، جیسے تیسے، چوری چھپے، راضی خوشی، مرضی، زبردستی، ہرگز، آئے دن، جی ہاں، نہیں تو۔

تمیز شرطی:۔ جس سے شرط ظاہر ہو۔ جیسے؛ تم آؤ تو وہ جائے۔ پڑھو تو پاس ہو۔
(۱) کبھی دو تمیزیں مل کر مرکب ہو جاتی ہیں۔ جیسے؛ کہیں نہ کہیں، جب نہ تب، کبھی نہ

کبھی، یہاں نہ وہاں، اِدھر نہ اُدھر۔

(۲) کبھی دونوں تمیزوں کے بیچ میں ''نہ'' نہیں ہوتا۔ دونوں ایک ساتھ مکرر ہوتی ہیں۔ جیسے کہیں کہیں، اِدھر اُدھر، دھوم دھام، الگ الگ، گھڑی گھڑی، روز روز۔

(۳) کبھی بیچ میں ''بہ'' لگتا ہے جیسے دن بہ دن، روز بہ روز، زینہ بہ زینہ۔

حرف

حرف:۔ وہ الفاظ جو دو اسموں یا دو جملوں کو آپس میں جوڑنے یا ربط پیدا کرنے کے لئے بولے یا لکھے جاتے ہیں، تنہا کوئی معنی نہیں رکھتے، جیسے؛ سے، تک، پر، اور وغیرہ۔

حرف ربط:۔ وہ حرف جن کی مدد سے جملے بنتے اور بامعنی ہوتے ہیں، مثلاً؛ کا، کی، کے، کو، آگے، اوپر، وغیرہ۔

حرف عطف:۔ جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں یا جملوں کو آپس میں ملانے کا کام کرتے ہیں جیسے؛ اور، و، کر، بھی، پھر وغیرہ۔

حرف تخصیص:۔ وہ حرف جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ اس کی خصوصیت ظاہر کرے۔ جیسے: یہی، کسی، کوئی، ہر، تو، بھی، ہی، ہر ایک۔

حرف فجائیہ:۔ وہ الفاظ جو جذبے اور جوش میں بے ساختہ منھ سے نکلتے ہیں:

(۱) خوشی اور تعریف کے لئے:۔ سبحان اللہ، ماشاء اللہ، واہ واہ، اہاہا، اوہو، احسنت، مرحبا، کیا کہنا، شاباش، چشم بددوٗر، خوب، جزاک اللہ، بارک اللہ، صلِّ علیٰ۔

(۲) تعجب کے لئے:۔ اللہ اللہ، اُفّو، ارے، اللہ اکبر۔

(۳) افسوس رنج کے لئے:۔ ہائے، وائے، حیف، آہ، اُف، ہائے رے، ہائے ہائے، اُفّوہ، اَفسوس، ہیہات، ارے ارے، اَے ہے۔

(۴) نفرت کے لئے:۔ معاذ اللہ، استغفر اللہ، تھوٗ تھوٗ، چھی چھی، آخ تھو، (تھو۔چھی) تف، دُر دُر، (دُر) لاحول ولاقوۃ الّا باللہ۔

(۵) تنبیہ کے لئے: خبردار، ہوشیار، دیکھو، سنو، ہوں ہوں (ہوں)، ہاں ہاں، ہیں ہیں، ہائیں ہائیں۔

(۶) توبہ اور پناہ مانگنے کے لئے:۔ توبہ، الٰہی توبہ، توبہ توبہ، معاذ اللہ، عیاذاً باللہ، الامان، الحفیظ، الامان الامان۔

(۷) مخاطب کرنے لے لئے:۔ یا اللہ، بار الٰہا، شاہا، شاہنشاہا، واعظا، خدایا، خسروا۔

حرفِ ندائیہ:۔ جو کسی کو بلانے، پکارنے یا مخاطب کرنے کے لئے بولا جائے جیسے؛

اے، او، اجی، یا۔ حضور، قبلہ، جناب، صاحب وغیرہ۔ کبھی اسم میں واؤ لگا دیتے ہیں: جیسے لوگو! کوفیو! شرابیو!

(۱) کچھ لفظ ایسے ہیں جس میں بے تکلفی یا حقارت یا خفگی یا تنبیہ سب شامل ہیں: اجی، ارے، اُو، ابے، میاں۔

(۲) اسم میں ''الف'' لگانے سے تخاطب کا لفظ بن جاتا ہے مگر اس کا تعلق نثر سے بالکل نہیں بلکہ قصیدے وغیرہ میں استعمال ہے۔ جیسے؛ خسروا، واعظا، شاہا، بارالٰہا، شاہنشاہا۔

حرف جزائیہ یا طیہ:۔ وہ حرف جس سے کسی شرط اور شرط کے بدلے میں حاصل ہونے والی چیز (جزا) کا اظہار ہو جیسے؛ اگر مگر، چنانچہ، تو تب، لیکن ورنہ۔

حرف نفی:۔ جو انکار کیلئے بولا جائے۔ نہیں، مت، نہ۔

حرف جا :۔ وہ جو آگے پیچھے کے لفظوں سے مل کر بات کی وضاحت کر کے حالت بتاتے ہیں۔ پر، سے، میں، تلک۔ (حرف جار اسم اور ضمیر کے ساتھ لگایا جاتا ہے)

مجروٗر:۔ جس کلمے کے ساتھ آتا ہے وہ ''مجرور'' ہے! اور اس کو کلمۂ مجرور کہتے ہیں۔

اصناف سخن

کلام دو قسم کا ہوتا ہے ایک ''نثر'' دوسرا ''نظم''۔

عربی میں یہ صفت کا لفظ ہے اور مونث ہے۔ اس کے لفظی معنی ہیں؛ بکھرنا، پراگندہ، تتّر بتّر، بکھرے ہوئے موتی، وہ عبارت جو منظوم نہ ہو، نظم کے برعکس ہو، اس کی جمع ''منثور'' ہے۔ نثر میں اوزان کی پابندی نہیں ہوتی یہ لفظوں اور جملوں کے سہارے راستہ طے کرتی ہے۔ یعنی نثر ایسا کلام ہے جس میں وزن اور قافیہ نہیں ہے!۔

اَقسامِ نثر

(۱) لفظ اور صورت کے لحاظ سے نثر کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) عاری (۲) مرجّز (۳) مسجّع و مرصّع (۴) مقفّیٰ

(۲) معنی کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں۔ (۱) دقیق (۲) سلیس

(۳) اوصاف کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں۔ (۱) عالمانہ (۲) شاعرانہ (۳) منشیانہ

لفظی اقسام نثر کی تعریف

(۱) **نثرِ عاری:**۔ وہ نثر ہے جس میں وزن و قافیہ کی پابندی نہ ہو، لفظی رعائتیں اور مناسبات بھی لازمی نہ ہوں (اسی کو ''روزمرّہ'' کہتے ہیں) لیکن سلاست و فصاحت پائی جائے۔

(۲) **نثرِ مُرجّز:**۔ وہ نثر ہے جس میں دو فقروں کے کلمات ہم وزن تو ہوں مگر مقفّیٰ نہ ہوں جیسے

دیوانِ حقیقت کے دراصل ہیں دو مصرعے۔ ایک حمد الٰہی ہے اک نعت پیمبرؐ ہے

اس مطلع روشن کے معنی منور سے ہر ذرّہ بھی واقف ہے۔ سنتے ہیں ازل سے سب یہ مطلع نورانی پر اس کے سوا اب تک اس ساری غزل میں سے اک شعر نہیں پایا لیکن مجھے ہاتھ آیا......'' (انتخابِ یادگار، از:۔ منشی امر مینائی)

(۳) **نثر مُسجّع یا مُرصّع:**۔ وہ نثر ہے جس میں دو فقروں کے تمام الفاظ ہم وزن ہوں اور آخر میں قافیے کی پابندی بھی ہو۔ جیسے؛

پونڈا اپھیکا اتنا کہ جس کی برائی بیان سے باہر ہے۔ گنّا میٹھا ایسا کہ اس کی بھلائی گمان سے بڑھ کر ہے۔ (دریائے لطافت۔ سید انشاء)

(۴) ...: ۔ وہ نثر ہے جس میں وزن نہ ہو مگر آخری الفاظ میں قافیہ ہو۔

''میں نے وہ انداز تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ ہزار کوس سے بہ زبان باتیں کیا کرو۔ اور ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔ کیا تم نے مجھ سے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ہے اتنا تو کہو کیا بات تمھارے جی میں آئی ہے۔

(خط بنام مرزا حاتم علی مہر۔ از غالبؔ)

معنوی اقسام نثر کی تعریف

(۱) **دقیق:**۔ وہ نثر جس میں ایسے الفاظ استعمال کئے گئے جو مانوس اور مروّج نہ ہوں اور تشبیہات و استعارات بھی دور از فہم ہوں الفاظ اتنے مشکل اور ثقیل ہوں کہ نثر بے مزہ اور پھیکی بھی لگے اور ذہن بھی بوجھل ہو جائے۔ اس میں علمی دھونس جمانے کا ارادہ ہوتا ہے۔

(۲) **سلیس** (سادہ):۔ وہ نثر ہے جس میں الفاظ فوراً سمجھ میں آ جائیں تشبیہات و استعارات میں اتنا لوچ ہو کہ مزہ آ جائے اور ہر شخص آسانی سے بغیر کسی سہارے کے سمجھ لے۔

افسانوی نثر

داستان:۔ فارسی سے اردو میں داخل ہوئی۔ کہانی کی ابتدائی شکل داستان ہے۔ داستان ایسی رومانی کہانی کو کہتے ہیں جس میں خیالی واقعات کا بیان، مافوق الفطرت عناصر کی تحیر خیزی، حسن وعشق کی رنگینی، واقعات وحادثات کی بہتات وپیچیدگی اور بیان کی لطافت ہو اور اس کا مقصد اپنے قاری کو فرحت ومسرت کا سامان فراہم کرنا ہو۔

اجزائے ترکیبی:۔ طوالت، پلاٹ، کردار نگاری، مافوق الفطرت عناصر، منظر نگاری، اسلوب نگارش

ناول:۔ انگریزی زبان کا لفظ، اطالوی زبان کے لفظ ناویلا سے نکلا جس کے معنی نئے کے ہیں۔ یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ ناول ایک نئی چیز تھی۔

ناول وہ نثری قصہ جس میں زندگی کی ہو بہو تصویر پیش کی جاتی ہے۔ ناول زندگی کی کتاب ہوتی ہے۔ حقیقت کو تخلیق کا روپ دے کر یا تخلیق کو حقیقت کا جامہ پہنا کر اس طرح پیش کرنا کہ اس کے تمام اجزاء میں تال میل اور ہم آہنگی قائم رہے ناول ہے۔

اجزائے ترکیبی:۔ قصہ، پلاٹ، کردار نگاری، مکالمہ نگاری، منظر نگاری، نقطہ نظر،

ناولٹ:۔ مختصر یا چھوٹا ناول، نثر میں ایسی تحریر جو ناول سے چھوٹی اور افسانے سے بڑی ہوتی ہے۔ اسے چھوٹا ناول یا طویل افسانہ بھی کہا جاتا ہے۔

افسانہ:۔ مختصر کہانی کو اردو میں افسانہ کہتے ہیں۔ افسانے کے لغوی معنی جھوٹی بات، سرگزشت، قصہ کہانی، داستان وغیرہ کے ہیں۔

اجزائے ترکیبی:۔ پلاٹ، کردار، نقطہ نظر، ماحول اور فضا، اسلوب، آغاز واختتام، وحدت تاثر،

ڈرامہ:۔ انگیزی زبان کا لفظ ہے جو یونانی لفظ ڈراؤ سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں کر کے دکھانا۔ ڈرامہ ایسی صنف کو کہتے ہیں جس میں زندگی کے حقائق مظاہر کو کرداروں کے ذریعے تماشائیوں کے سامنے عملاً پیش کیا جاتا ہے۔

اجزائے ترکیبی:۔ ارسطو کے مطابق: پلاٹ، کردار، مرکزی خیال، مکالمہ، موسیقی، آرائش،

بھرت منی:۔ لباس، آواز، جسمانی اعضا کی حرکت، رقص، موسیقی،

ڈرامے سے ناظرین کے دلوں میں ایک خاص کیفیت پیدا ہوتی ہے جس کو بھرت منی رس کا نام دیتے ہیں۔ اس کی ۸/قسمیں ہیں؛ محبت، نفرت، بہادری، غصّہ، ظرافت، خوف، حیرت، غم۔

افسانوی نثر

مضمون:۔ اردو میں سب سے پہلے جس غیر افسانوی صنف کو فروغ حاصل ہوا وہ 'مضمون' ہے۔ عالمانہ افکار کے مدلل اظہار کے لئے جو نثری صنف وجود میں آئی وہ مضمون یا مقالہ کہلائی۔ کسی طے شدہ عنوان پر تفصیلی اور مستند معلومات جمع کر کے اس کے ممکنہ ذیلی موضوعات کا احاطہ کرتے ہوئے ترتیب وتسلسل اور جامعیت کے ساتھ پیش کرنے کا نام مضمون نگاری ہے۔ اردو میں مضمون نگاری کی ابتدا دلی کالج کے قیام ۱۸۲۵ء کے ساتھ ہوئی۔ دلی کالج کے طالب علم ماسٹر رام چندر کو اردو مضومن نگاری کا بانی خیال کیا جاتا ہے۔

مقالہ:۔ عام طور پر اس طویل اور بسیط مضمون کو کہتے ہیں جس میں کسی موضوع پر عالمانہ انداز میں مفصل روشنی دالی جائے۔ عالمانہ افکار کے مدلل اظہار کے لئے جو نثری صنف وجود میں آئی وہ مضمون یا مقالہ کہلائی۔

مکتوب یا خطوط:۔ عربی زبان کا لفظ ،لغوی معنی لکھا ہوا یا لکھا گیا۔ اصطلاح عام میں مکتوب سے مراد ایسی نثری تحریر ہے جس کے ذریعے انسانی زندگی کے مدوجزر کے حالات بیان کئے جاسکیں۔گویا مکتوب نگاری وہ صنف ادب ہے جس میں زندگی کے بعض گوشوں کو پیش کیا جاسکتا ہے۔

سوا :۔ سانحہ کی جمع ،عربی زبان کا لفظ ؛جس کے معنی پیش ہونے والا ،ظاہر ہونے والا ماجرا۔کسی فرد کی زندگی کے تمام حالات ،کوائف ،واقعات اور نشیب وفراز کو زمانی ترتیب کے ساتھ قلمبند کرنے کو سوانح نگاری کہتے ہیں۔انگریزی میں اسے Biography کہا جاتا ہے۔Bio کے معنی ہیں حیات اور Graphy کے معنی ہیں لکھنا۔اس طرح اس کے معنی حیات نگاری ہوئے۔

اردو میں سوانح نگاری کی بنیاد حالی نے رکھی۔

خود نوشت سوانح:۔ کسی فرد کی وہ داستان حیات جسے خود اس نے پورے ہوش وحواس کے ساتھ اور حقائق کی روشنی میں تحریر کیا ہو۔اگر کوئی شخص اپنے حالات زندگی قلمبند کرے تو اسے خودنوشت سوانح کہا جاتا ہے۔

اردو کی پہلی خودنوشت؛محمد جعفر تھانیسری کی ''تواریخ عجیب المعروف کالا پانی'' ہے۔

انشائیہ:۔ ایک ایسا ہلکا پھلکا مضمون جس میں بے ساختگی اور بے تکلفی کے ساتھ نہایت دلچسپ اور شگفتہ اسلوب میں کسی موضوع پر اظہار خیال کیا جائے۔انشائیہ کہلاتا ہے۔ایسے مضمون کو انگیزی میں Light Essay کہا جاتا ہے۔

انشائیہ کی بنیادی شرط یہ کہ اس کی کوئی شرط نہیں جو کہو اس طرح کہو کہ پڑھ کر جی خوش ہو جائے۔لان جانسن نے ''انشائیہ کو دماغ کی ترنگ کہا ہے۔''

خاکہ:۔ معنی کسی عمارت کا کچا نقشہ،کسی چیز کے خدوخال کی نقل جو اصل کے مشابہ ہو۔ ادب کی اصطلاح میں خاکہ اس نثری صنف کو کہا جاتا ہے جس میں کسی فرد کا

ناک نقشہ، خدوخال، عادات واطوار، سیرت وکردار کی لفظوں کے ذریعے تصویر کشی کی جاتی ہے۔اختصار اس کی بنیادی شرط ہے۔

سفر نامہ:۔ ایسی غیر افسانوی صنف ادب ہے جس کے مطالعے سے ہمیں مختلف مقامات،ملکوں،شہروں،قوموں اور قبیلوں کی تہذیب وثقافت،سماجی وسیاسی صورت حال،مذاہب اور عقائد،ادبی اور علمی زندگی،معاشی اور تعلیمی ترقی یا پس ماندگی کا علم ہوتا ہے۔سفر نامے کو دروازے کے باہر کا ادب بھی کہا گیا ہے۔

اردو کا پہلا سفر نامہ تاریخ یوسفی (عجائبات فرنگ)؛مصنف:یوسف خاں کمبل پوش۔

رپورتاژ:۔ انگریزی لفظ 'رپورٹ اتج' کا فرانسیسی تلفظ ہے۔معنی اطلاع یا خبر دینا۔ ادبی انداز میں کسی جلسے،تقریب،کانفرنس یا واقعے کی ایسی تفصیلی رپورٹ جس میں مصنف خود شریک رہا ہو اس طرح تیار کی جائے کہ اس میں افسانے کا انداز پیدا ہو جائے یا اس میں مصنف کی شخصیت جھلک اٹھے تو یہی رپورتاژ ہے۔

سردار جعفری؛ نے اسے ''صحافت اور افسانے کی درمیانی کڑی'' کہا ہے۔

بقول پروفیسر احتشام حسین؛''رپورتاژ کو ہم واقعات کی ادبی اور محاکاتی رپورٹ کہہ سکتے ہیں''۔

طنز و مزاح:۔ شعری یا نثری وہ تخلیق جس میں روزمرہ کی کمزوریوں یا بے وقوفیوں کا کبھی کبھی کچھ حقیقتوں کے ساتھ مذاق اڑایا جاتا ہے۔اس کا مقصد کسی فرد خاص یا افراد کے گروہوں کا مضحکہ اڑانا ہوتا ہے۔

روزنامچہ:۔ ادب کی اصطلاح میں اس سے مراد ایسی کتاب ہوتی ہے جس میں ایک مصنف روزانہ وقوع پذیر ہونے والے واقعات اور حالات کو تاریخ وار قلمبند کرتا ہے۔

دیباچہ:۔ لغوی معنی کسی چیز کا پہلا اور لازمی جزو۔تمہید کتاب،سرنامۂ کتاب یا خطبۂ کتاب کو بھی دیباچہ کہتے ہیں۔

کسی کتاب کی ابتدا میں کتاب اور صاحب کتاب کے تعارف پر مشتمل جو مضمون ہوتا ہے اسے ادب کی اصطلاح میں دیباچہ کہتے ہیں۔

مقدمہ:۔ یہ بھی ایک طرح کا دیباچہ ہوتا ہے۔ یہ کتاب کے شروع میں شامل ہوتا ہے۔ دیباچے اور مقدمے میں فرق یہ ہے کہ دیباچہ سرسری اور ہلکا پھلکا ہوتا ہے، جب کہ مقدمہ طویل، عالمانہ اور مدلل ہوتا ہے۔

تقریظ:۔ لغوی معنی کسی زندہ شخص کی تعریف وتوصیف بیان کرنا۔ ادب کی اصطلاح میں تقریظ اس مضمون کو کہتے ہیں جو کسی کتاب کی تعریف وتوصیف میں کسی دوسرے شخص نے لکھا ہو۔ تقریظ عام طور پر کتاب کے آخر میں شامل کی جاتی ہے۔

تبصرہ:۔ لغوی معنی تصریح اور توضیح کے ہیں۔ کسی بات، واقعہ، حادثہ، یا کسی کتاب کی وہ تفصیل کہ جس میں وضاحت مقصود ہو۔ حالانکہ تبصرہ کے ایک لغوی معنی تفصیل کے بھی ہیں۔ اس مضمون کو کہتے ہیں جس میں کسی کتاب یا رسالے کو پڑھ کر اس کی خوبیوں اور خامیوں پر اظہار خیال کیا گیا ہو۔ تبصرہ تنقید ہی کی ایک شاخ ہے۔

تذکرہ:۔ عربی زبان کا لفظ، لغوی معنی: ذکر، یادداشت، بیان، یادگار، سرگزشت، سوانح عمری کے ہیں۔ ادب کی اصطلاح میں تذکرہ سے مراد ایسی کتاب ہوتی ہے جس میں شعراء کے حالات زندگی اور ان کا نمونۂ کلام دیا جاتا ہے۔

تحقیق:۔ فن پارہ وجود میں آنے کے بعد تنقید اس کی قدر وقیمت کا تعین کرتی ہے یعنی یہ بتاتی ہے کہ اس میں اچھا کیا ہے اور برا کیا ہے لیکن ان دونوں کے درمیان ایک اور شئے بھی ہے جو اس پر غور کرتی ہے کہ فن کار کون ہے، کہاں کا رہنے والا ہے، کب پیدا ہوا، اور یہ فن پارہ کب، کن حالات میں اور کن اسباب کی بنا پر وجود میں آیا اس کا نام تحقیق ہے اور تحقیق کے معنی ہیں سچ کی تلاش۔

تدوین:۔ فن پارے کے بارے میں چھان بین کرنا۔ اگر شعر ہے تو یہ کھوج کرنا

کہ اس کی پہلی شکل کیا تھی بعد کو اس مین شاعر نے کیا ردو بدل کیا۔ محقق یعنی تحقیق کرنے والا ان سب باتوں کا پتہ لگاتا ہے اور ہر طرح اطمینان کر لینے کے بعد اسے ترتیب دے کر پیش کر دیتا ہے۔ یہ کام تدوین کہلاتا ہے۔

تنقید:۔ انگریزی میں تنقید کے لئے Criticism کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ جس کے حقیقی معنی عدل وانصاف یا فیصلہ کرنے کے ہیں۔

جب کوئی فن پارہ وجود میں آتا ہے تو وہ قارئین تک پہنچتا ہے یہ لوگ اسے سراہتے ہیں یا ناپسند کرتے ہیں۔ جو علم اس پسند اور ناپسند کے اسباب تلاش کرتا ہے وہ تنقید کہلاتا ہے۔ ٹی. ایس. ایلیٹ. نے کہا کہ ”تنقید زندگی کے لئے اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ سانس“۔

تنقید کے دبستان

تا ا تنقید:۔ کسی ادب پارے سے ہمارے دل پر کیا تاثرات پیدا ہوتے ہیں اسے تاثراتی تنقید کہتے ہیں۔ ”تنقید نگار کی ذمہ داری بس اتنی ہے کہ وہ انھیں ان کے اصل روپ میں دیکھے اور ان کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کردے“ (والٹر پیٹر)

جما اتی تنقید:۔ اس سے سروکار رکھتی ہے کہ کسی فن پارے میں حسن کاری کس حد تک موجود ہے۔ اس تنقید کا کام فن پارے میں موجودہ حسن ومسرت کے اجزا تلاش کرنا ہے۔ اسبورن کہتا ہے کہ ”کوئی تنقیدی فیصلہ جمالیاتی اقدار پر نظر رکھے بغیر صحیح نہیں ہوسکتا“۔

مارکسی تنقید:۔ تنقید کا وہ دبستان جو کارل مارکس کے نظریات کا علم بردار ہے اور ادب وشعر کو مارکسی افکار کی کسوٹی پر پرکھتا ہے۔ ”ادب اور زندگی“ پہلا مضمون ہے جس میں ادب کو مارکسی نظریات کی روشنی میں پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اختر حسین رائے پوری ”ادب اور زندگی“ (مضمون)، ادب اور انقلاب ۱۹۳۲ء،

سند تنقید:۔ جوادب مارکسی خیالات کوفروغ دیتا ہےاور محنت کشوں کی حمایت کرتا ہے ترقی پسند ادب کہلاتا ہے۔

ترقی پسند تنقید ادب سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مزدوروں اور کسانوں کی حمایت کرے۔

نفسیاتی تنقید:۔ اس تنقید کے علمبردار فن پارے کا نفسیات کی روشنی میں تجزیہ کر کے فن کار کے ذہن تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو علم ہمارے ذہن کے تہ خانوں میں گھس کر سراغ رسانی یا جاسوسی کا کام کرتا ہے اسے انسانی نفسیات کا علم کہتے ہیں۔ ادب میں ادیب یا فنکار کی شخصیت کا مطالعہ نفسیاتی مطالعہ ہے اور اس نقطہ نظر کی بنیاد پر جو تنقید کی جاتی ہے اسے نفسیاتی تنقید کہتے ہیں۔

اسلوبیاتی تنقید:۔ اسلوبیاتی تنقید ادب پارے کا تجزیہ کر کے اس کی خصوصیات واضح کرتی ہے۔ اسلوبیات جدید لسانیات کی ایک شاخ ہے۔ اسلوبیات محض ایک حربہ ہے کل تنقید نہیں۔ ادب میں اسلوب کے مطالعہ اور نقد و جرح کو اسلوبیاتی تنقید کہا جاتا ہے۔ اسلوبیاتی نقاد؛ گوپی چند نارنگ۔

سا اتی تنقید:۔ ایک نئی چیز ہے ادب کی شعریات کی تلاش جس کا مقصد ہے۔ جدید لسانیات میں فلسفیانہ فکر جس نہج کو پا چکی ہے ساختیات اسے ادب میں کھوجنے کی کوشش کرتی ہے۔

سائنٹفک تنقید:۔ ادب کو ایسے معیاروں سے پرکھنے کی کوشش ہے جس میں سائنس کی سی صحت، قطعیت، اور غیر جانب داری ہو۔ مغرب میں سائنٹفک تنقید کے ابتدائی نقادوں میں میتھو آرنلڈ کا نام سرفہرست ہے۔

☆☆☆☆☆

ـمـه :۔ ترجمہ میں صرف ایک زبان کو دوسری زبان میں پیش نہیں کیا جاتا بلکہ اس زبان کے خیالات، احساسات، طنز و مزاح، غم و غصہ، ہنسی خوشی سب باتوں کو پیش کرنا ہی اصل ترجمہ ہے۔

ریڈ۔ فیچر:۔ ایک بیانیہ جو ریڈیو پر ایک سے زیادہ آوازوں میں پیش کیا جاتا ہے۔ ایک ہلکا پھلکا مضمون جس میں کسی ادارے، شے یا فرد پر ضروری روشنی ڈالتے ہوئے اس کے اہم پہلوؤں کو نمایاں کیا جاتا ہے۔ اختصار یعنی جامعیت اس کی روح ہے۔ موضوع کے اعتبار سے ان میں کوئی حد مقرر نہیں ہے۔

ادا ـه نگا :۔ اس کو اخبار کی جان کہا جاتا ہے۔ کسی اخبار، رسالے وغیرہ کی وہ اہم تحریر جس میں ایڈیٹر، مدیر کا اپنا خاص مضمون، (جس میں مدیر، ناشر یا ملک، کسی اہم مسئلے پر رائے دیتا ہے) مقالہ، اختتامیہ، اڈیٹوریل، آرٹیکل۔

کـا نگاری:۔ ایک ایسا صحافتی فیچر جس میں کالم نویس منتخب موضوع پر اپنے مخصوص انداز میں اپنی رائے پیش کرتا ہے۔ اس کے لئے موضوع کی قید نہیں۔

منظر نامه (Script Writing):۔ ایک ایسی تحریر جس کے اندر مختلف خیالی یا حقیقی واقعات کی سلسلہ وار تفصیلات مع آوازی اور تصویری اجزا کے درج ذیل ہوتی ہیں اور جس میں اس میدان کی قبول کردہ یا منظور شدہ اصطلاحات، مخففات و ہیئت کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے پانچ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؛ ریسرچ، خاکہ بنانا، Concept کو ذہن میں تیار کرنا، بصری صورت میں پیش کرنے کی قابلیت، مکالمے لکھنے کی اہلیت۔

ڈاکومنـ :۔ ایسی تخلیق جس میں کسی مسئلے پر اس طرح روشنی ڈالی گئی ہو کہ دیکھنے والے اور سننے والے اس سے متاثر ہو کر اس مسئلے کے حل کے لئے عملاً اٹھ کھڑے ہوں۔ یہ حقیقت اور سچائی پر مبنی ہوتی ہے۔ بیانیہ اس کے لئے لازمی جز ہے۔

نظم کے معنی موتی پرونا، آراستہ کرنا، سنوارنا ہے۔شعری اصطلاح میں موزوں کلام کو کہتے ہیں۔

مبادیات

شعر:۔ وہ کلام جو کہنے والے نے نظم کے ارادے سے کہا ہو۔وزن اور قافیہ ہو اور پر اثر بھی ہو۔

مصرع:۔ لغوی معنی 'کواڑ' کے ہوتے ہیں۔جو شعر کا نصف ہوتا ہے۔جس طرح دروازے کے دو پٹ ہوتے ہیں اسی طرح شعر دو مصرعوں کا ہوتا ہے۔

بیت:۔ ہر شعر کو کہتے ہیں لیکن جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں وہ بیت ہے۔

فرد:۔ واحد شعر کو کہتے ہیں۔جس کے دونوں مصرعے ہم وزن ہوتے ہیں۔قافیہ ردیف کی پابندی نہیں ہوتی۔شعر کے اصلی معنی دریافت کرنا موزوں ہوتا ہے۔شعر کو بیت بھی کہا جاتا ہے۔جو کسی غزل یا قصیدہ کا ہو۔

مطلع:۔ غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔

حسن مطلع:۔ پہلے مطلع کے بعد ایک یا کئی مطلع ہوتو اسے حسن مطلع یا زیب مطلع کہتے ہیں۔

بیت ا :۔ غزل کی جان۔غزل کا بہترین شعر۔اسے شاہِ بیت بھی کہتے ہیں۔

مقطع:۔ غزل یا قصیدہ وغیرہ کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص لاتا ہے۔

قافیہ:۔ ردیف سے پہلے آنے والا لفظ۔

ردیف:۔ قافیہ کے بعد بار بار آنے والا لفظ۔

بحر و وزن:۔ شعر کے ناپنے اور تولنے کے لئے جو پیمانے مقرر ہیں انھیں بحر یا وزن کہتے ہیں۔

تقطیع:۔ شعر کے تولنے کے عمل کو تقطیع کہتے ہیں۔کیوں کہ بحر کے الفاظ پر شعر کے لفظ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر تلتے ہیں۔

موضوع کے اعتبار سے تقسیم:۔ حمد، مناجات، نعت، منقبت، غزل، قصیدہ، مرثیہ، شہر آشوب، واسوخت، ریختی، پیروڈی، گیت، ہجو۔

ہیئت کے اعتبار سے تقسیم:۔ قطعہ، رباعی، مثنوی، ترکیب بند، ترجیع بند، مسمّط، نظم، پابند نظم، معریٰ نظم، آزاد نظم، سانیٹ، ترائیلے، ہائیکو، نثری شاعری۔
تضمین، مستزاد، مثلث، مربع، مخمس، مسدّس، مسمّط، مثمّن، چہار بیت، ثلاثی۔

موضوع کے اعتبار سے

حمد:۔ جس نظم میں خدا تعالیٰ کی حمد وثنا کی جائے۔

مناجات:۔ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگی جائے۔

نعت:۔ وہ نظم جو رسول اللہ ﷺ کی شان میں کی جائے۔

منقبت:۔ جس نظم میں صحابۂ رسول یا بزرگان دین کی تعریف کی جائے۔

غزل:۔ عربی زبان کا لفظ جس کے لغوی معنی عورتوں سے یا عورتوں کی باتیں کرنا۔ آج کل سماجی موضوعات بھی غزل کا حصہ بن گئے ہیں۔غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔باقی دوسرے مصرعے میں قافیہ ردیف ہوتے ہیں۔سب سے اچھا شعر بیت الغزل کہلاتا ہے۔اگر یکے بعد دیگرے کئی مطالع ہوں تو دوسرے شعر کو زیب مطلع اور تیسرے شعر کو حسن مطلع کہتے ہیں۔ آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص لاتا ہے مقطع کہلاتا ہے۔

اجزائے ترکیبی:۔ مطلع، قافیہ، ردیف، مقطع، موزونیت یا بحر۔

تغزل:۔غزل کا وہ مخصوص انداز بیان اور طرزِ اظہار جس سے غزل کی عشقیہ فضا قائم رہتی ہے۔

قصیدہ:۔ جس نظم میں کسی کی تعریف یا برائی کی جائے۔

اجزائے ترکیبی:۔تشبیب ،گریز، مدح، مدعا، دعا۔

مرثیہ:۔ جس نظم میں کسی مرنے والی کی موت پر رنج وغم کا اظہار کیا جائے۔

اجزائے ترکیبی:۔چہرہ،،سراپا، رخصت، آمد، رجز، جنگ ،شہادت، بین۔

شہر آشوب:۔ جس نظم میں کسی زمانے کی تباہی و بربادی کا ذکر کیا جائے۔

واسوخت:۔ جس نظم میں محبوب کی بے وفائی سے تنگ آ کر شاعر اسے جلی کٹی سناتا ہے۔

ریختی:۔ جس نظم میں عورتوں کے جذبات کا ظہار خود عورتوں کی زبان میں کیا جاتا ہے۔

پیروڈی:۔اس کو'تحریف' بھی کہتے ہیں،اس کے معنی الٹنے کے ہیں۔مراد یہ ہے کہ کسی تصنیف کی اس طرح نقل کی جائے کہ اس کی شکل تو برقرار رہے لیکن الفاظ میں اس طرح ردوبدل ہو کہ اس سے ہنسی آئے۔پیروڈی نظم میں بھی ہوسکتی ہے اور نثر میں بھی۔

گیت:۔ ایسی نظم جو گائی جانے کے لئے تیار ہو۔بھرپور موسیقیت ہوتی ہے۔ ہندی صنف ہے اس میں ہندوستانی عورت کی دلی کیفیت کا اظہار ہوتا ہے۔

:۔ کسی کے عیوب بیان کرنا۔ یہ قصیدہ کی ایک شاخ ہے۔شاعر کھلم کھلا یا اشارۃً چوٹ کرتا ہے اسے ہجو کہتے ہیں۔

ہیئت کے اعتبار سے

قطعہ:۔ بمعنی کاٹنا یا ٹکڑے کرنا۔کم سے کم دو شعر اور زیادہ کی کوئی قید نہیں۔ایسے اشعار کا مجموعہ جس میں کوئی خیال تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

رباعی:۔ اصطلاحاً مصرّع کہتے ہیں۔رباعی کے لئے بحر ہزج مخصوص ہے۔کل ۲۴/اوزان ہوتے ہیں۔رباعی کا آسان وزن''لاحول ولاقوۃ الّا باللہ'' ہے۔رباعی کے چار مصرے مقررہ اوزان پر ہوتے ہیں۔ پہلا دوسرا اور چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔ چوتھا مصرع برجستہ، چست اور پر اثر ہوتا ہے۔

خصّی:۔ایسی رباعی جس کے چاروں مصرعے مقفیٰ ہوتے ہیں۔

غیر خصّی :۔ایسی رباعی جس کا تیسرا مصرع ہم قافیہ نہ ہو۔

مثنوی:۔ جس نظمیہ تحریر میں کسی قصے کو مسلسل نظم کی صورت میں ربط وتسلسل کے ساتھ بیان کیا جائے۔پوری مثنوی ایک ہی بحر میں ہوتی ہے اور اس کے ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔اور ایک ہی وزن پر تمام اشعار ہوتے ہیں۔ تمہید،توحید،مناجات سے مثنوی کی ابتدا ہوتی ہے۔

اجزائے ترکیبی:۔کردار نگاری، جذبات نگاری، واقعہ نگاری، منظر نگاری، زبان و بیان۔

ترکیب بند:۔ جس میں ہر بند کے بعد مختلف شعر مختلف قافیوں میں ہوتے ہیں۔

ترجیع بند:۔ غزل کے ہر بند کے بعد ایک مخصوص شعر بار بار استعمال ہوتا ہے اور ہر بند کے اشعار کے قافیہ ردیف مختلف ہوتے ہیں۔

اد:۔ وہ نظم جس کے ہر مصرعے کے آخر میں مضمون سے جڑا ایک بامعنی کلمہ وزن سے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔

مسمّط:۔ چند مصرعے ایک ہی بند میں ایک ہی وزن وقافیہ میں ہوتے ہیں دوسرے بند کا آخری مصرعہ پہلے قافیہ پر لکھا جاتا ہے۔باقی بند بھی اسی طرح ہوتے ہیں۔اس نظم کی آٹھ قسمیں ہیں: مثلث، مربع، مخمس، مسدس، مسبع، مثمن، متسع، معشر۔

مثلث:۔جس نظم کا ہر بند تین مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔اسے ثلاثی یا تثلیث بھی کہتے ہیں۔

مربع :۔ چار مصرعوں والی نظم؛ جس کے چار مصرعے ہم وزن اور ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

مخمس:۔ پانچ مصرعوں والی نظم؛ جس کے ہر بند کا پانچواں مصرعہ پہلے بند کے آخری مصرعے کا ہم قافیہ ہوتا ہے۔

مسدس:۔ چھ مصرعوں والی نظم؛ آخری دو مصرعوں کا قافیہ چاروں مصرعوں سے الگ ہوتا ہے۔

مسبع:۔ سات مصرعوں والی نظم؛ جس کے ہر بند میں سات مصرع ہوتے ہیں۔

مثمّن:۔ آٹھ مصرعوں والی نظم؛ جس کے ہر بند میں آٹھ مصرع ہوتے ہیں۔

متسع:۔ نو مصرعوں والی نظم؛

معشر:۔ دس مصرعوں والی نظم؛

نظم:۔ جس میں کسی ایک خاص موضوع پر ربط و تسلسل سے اظہار خیال کیا جائے۔

پابند نظم:۔ بحر کے ارکان قافیہ اور ردیف کی پابند ہوتی ہے۔اس کی ابتدا عبدالرحمٰن بجنوری کی نظم ''نٹ راجا'' سے ہوتی ہے۔

آزاد نظم:۔ ابتدا فرانس سے ہوئی۔اس میں بحر کا کوئی تعین نہیں ہوتا مگر طے شدہ وزن ضرور ہوتا ہے۔

معریٰ نظم:۔ قافیہ ردیف سے آزاد نظم ہوتی ہے۔ایک ہی بحر میں لکھی جاتی ہے۔ ارکان میں کمی بیشی ہوتی ہے۔

نثری نظم:۔ قافیہ ردیف اور بحر سے آزاد ہوتی ہے۔

دیگر اصناف

سا یت:۔ یہ صنف پشتو سے اردو میں منتقل ہوئی۔اس کے مصرعے ۳ سے ۹ تک ہوسکتے ہیں۔

ثلاثی:۔ تین مصرعوں کی نظم ہر مصرع کا وزن برابر ہوتا ہے۔

تضمین:۔ تضمین سے مراد ہے اپنے یا کسی دوسرے شاعر کے مصرعے یا شعر پر مصرع لگانا۔

کھہ :۔ امیر خسرو کی ایجاد۔اس میں ایک ہندوستانی سہاگن عورت اپنی راز دار سہیلی سے بات کرتی ہے۔اس میں چار لائنیں ہوتی ہیں۔

دوہا:۔ ہندی شاعری کی صنف۔اردو میں بھی مقبول۔اردو میں اس کی شکل فرد جیسی ہے۔مگر دوہے کے لئے اوزان مقرر ہیں۔ایک ہی شعر بہ طور مطلع ہوتا ہے دوہے کے ہر مصرع میں دو چرن ہوتے ہیں۔سم چرن،وسم چرن۔

خمریات:۔ جن اشعار میں شراب و شباب کا ذکر ہوتا ہے۔

ـرا:۔ خاص اردو کی چیز اس میں شادی کے موقع پر دولھا کی پھبن کا حال بیان کیا جاتا ہے۔اور اس کے متعلقین کو مبارک باد دی جاتی ہے۔

تہنیت:۔ وہ نظم جس میں مبارک بادی کا مضمون ہو۔

رخصتی:۔ وہ نظم جو لڑکی والوں کی طرف سے لڑکی کی شادی کے موقع پر اظہار محبت و تلقین کے طور پر لکھی جائے۔

تاریخ:۔ کسی واقعے کو اس طرح نظم کرنا کہ اس نظم کے کسی مصرع یا لفظ یا مجموعہ الفاظ سے بحساب حروف ابجد اور اعداد سنہ نکالے جا سکیں۔

سلام:۔ اس نظم کو کہتے ہیں جس میں شہدائے کربلا کے حالات غزل کے پیرائے میں بیان کئے گئے ہوں۔

نوحہ:۔ شہدائے کربلا و اسیران کربلا کے مصائب کا بیان کرنا۔اگر واقعہ مسلسل ہے تو روایتی نوحہ کہلائے گا۔بہرحال بین و گریہ اس کا جز ہے۔

دوسری زبانوں کی اصناف

ھائیکو:۔ جاپانی ادب سے مغرب پہنچی اور پھر اردو میں آئی۔ ارکان کی تعداد ۱۷ر ہے۔ اس میں ۳رمصرعے ہوتے ہیں۔ اور قافیے کی قید سے آزاد ہوتے ہیں۔ تینوں مصرعوں کا وزن الگ ہوتا ہے۔ جاپانی شاعروں نے اس کے لئے جس طرح کا وزن مقرر کیا تھا وہ اردو کیا انگریزی شاعری میں بھی نہیں برتا جاسکا۔ اردو میں سب سے پہلے ہائیکو کو متعارف کرانے والے شاہد احمد دہلوی ہیں۔

ترائیلے:۔ اس میں ۸رمصرعے ہوتے ہیں۔ اصل نام ٹرایولٹ ہے۔ فرانسیسی شاعری میں اس کا رواج رہا ہے۔

سانیٹ:۔ اس میں ۱۴رمصرعے ہوتے ہیں۔ اردو میں سانیٹ عظمت اللہ خاں اور ن م. راشد نے لکھے ہیں۔

بلاغت کی مختصر تعریف

کم سے کم لفظوں میں زیادہ سے زیادہ معانی پوشیدہ ہوں۔ تقاضائے حال کے مطابق ہو۔ اور شرائطِ فصاحت بھی موجود ہوں۔

فصاحت کی مختصر تعریف

لفظ یا محاورے یا فقرے یا روزمرّہ کو اس طرح لکھا اور بولا جائے جس طرح مستند اہل زبان لکھتے اور بولتے ہیں۔

بہ قول میر انیسؔ ؎

داند آنکس کہ فصاحت بہ کلامِ دارد
ہر سخن موقع و ہر نکتہ مقامِ دارد

بذاتِ خود نہ کوئی لفظ کثیف ہوتا ہے نہ لطیف۔ اس کا طریقۂ استعمال اس کو ممیّز کرتا ہے۔ ان نگینوں کو جڑنے کا ہنر چاہیے۔ خدائے سخن نے اس راز کو یوں آشکار کیا ہے ؎

ہے کجی عیب مگر حُسن ہے ابرو کے لئے
سرما زیبا ہے فقط نرگس جادو کے لئے
تیرگی بد ہے مگر نیک ہے گیسو کے لئے
زیب ہے خالِ سیہ چہرۂ گل رو کے لئے

داند آں کس کہ فصاحت بہ کلامِ دارد
ہر سخن موقع و ہر نکتہ مقامِ دارد

بہرحال فصاحت جزو بلاغت ہے؛ نہ اُس کے بغیر یہ ممکن ہے اور نہ اِس کے بغیر اُس کا تصوّر رہے۔ کیونکہ بشرطِ فصاحت ہی کلام کو دوسروں تک پہنچانا بلاغت ہے!..... یہاں ایک بات اور ہے کہ زبان میں تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں اسلئے زمانے کے مطابق رائج ومتروک اور فصیح وغیر فصیح کا بھی سابقہ پڑتا ہے۔ کیونکہ فصاحت کا تصوّر ''سماعی'' ہے!۔

علم بیان

وہ علم جس میں کلام کی ان خوبیوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو کلام کے لئے ضروری نہیں بلکہ کلام کے حسن کو دوبالا کرتی ہیں۔علم بیان کے اجزائے ترکیبی چار ہیں؛

(۱)تشبیہ

(۲)استعارہ

(۳)مجازمرسل

(۴)کنایہ

تشبیہ:۔ ایک چیز کا دوسری چیز کے وصف سے مشابہ کرنا۔جیسے چاند سا چہرہ۔اس میں چاند کو چہرے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

جب ایک چیز کو کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جاتی ہے تو اس کے پانچ جزو ہوتے ہیں ان کو ارکانِ تشبیہ کہتے ہیں!

(۱)مشبّہ :۔جس چیز کو تشبیہ دی جائے اُسے ''مشبّہ'' کہتے ہیں۔ہونٹ، چہرہ، دل۔

(۲)مشبّہ بہ:۔جس چیز سے تشبیہ دی جائے اُسے ''مشبّہ بہ'' کہتے ہیں۔

ان دونوں کو یعنی (مشبّہ اور مشبّہ بہ) کو ''طرفینِ تشبیہ'' کہتے ہیں!

(۳)وجہِ تشبیہ:۔وہ وصف جو مشبہ اور مبہ بہ میں مشترک ہو۔اسے وجہ تشبیہ یا وجہ شبہ کہتے ہیں۔

(۴)وہ الفاظ جن کے ذریعہ تشبیہ ظاہر کی جائے۔ان الفاظ کو ''حرف تشبیہ یا ادواتِ تشبیہ'' کہتے ہیں۔طرح، مانند، گویا۔

(۵)وہ مقصد یا غرض جس کی وجہ سے تشبیہ دی جائے۔اس کو ''غرض تشبیہ'' کہتے ہیں!

مثال:۔اس کا چہرہ گلاب جیسا ہے۔

چہرہ؛مشبہ۔گلاب؛مشبہ بہ۔سرخی؛وجہ تشبیہ۔جیسا؛حرف تشبیہ۔

استعارہ:۔ اس کے لغوی معنی ''مستعار لینا'' ادھار لینا کے ہیں۔اگر کوئی لفظ حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے اور حقیقی و مجازی کے مابین تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے استعارہ کہتے ہیں۔

مجازمرسل:۔ اگر کوئی لفظ حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے اور حقیقی و مجازی معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو (جیسے کل اور جز کا) تو اس کو مجاز مرسل کہتے ہیں۔

کنایہ:۔ کلام میں کوئی بات براہِ راست نہ کہہ کر بالواسطہ کہی جائے۔کنایہ میں ملزوم بول کر لازم مراد لیا جاتا ہے اور الفاظ کے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مراد لئے جاتے ہیں۔لیکن حقیقی معنی کا مراد لینا بھی درست ہے۔

صنائع وبدائع

کلام کے حسن کو دوبالا کرنے کے لئے صنائع و بدائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔ گویا یہ ایسا زیور ہے جسے ادب کی دلھن کو آراستہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ جس علم میں صنائع وبدائع سے بحث کی جاتی ہے اسے علم بدیع کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں صنائع لفظی، صنائع معنوی

صنا لفظی:۔ جب کلام میں ایسی خوبیاں پیدا کی جاتی ہیں جن کا تعلق صرف الفاظ سے ہوتا ہے تو اس کو صنائع لفظی کہتے ہیں۔

صنائع معنوی:۔ کلام میں ایسے الفاظ کالانا جن سے کلام کی معنوی خوبیاں بڑھ جاتی ہوں تو اسے صنائع معنوی کہتے ہیں۔

صنائع لفظی

صنائع لفظی کی تقریباً پچاس قسمیں رائج ہیں۔ ان میں سب سے پہلا درجہ ''تجنیس'' کا ہے!۔

تجنیس کی تعریف:۔ (تجنیس بہ معنی ہم جنس، مشابہت، مطابقت)۔ جب ایسے الفاظ استعمال ہوں جس میں تمام حرفوں کا املا ایک ہو مگر لفظ کے معنی جدا جدا ہوں۔

تجنیس کی چار قسمیں ہوتی ہیں

(۱) تجنیس تام (۲) تجنیس مرکب (۳) تجنیس محرّف (۴) تجنیس خطّی۔

